کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ
راولاکوٹ
روزنامہ فرزندِ کشمیر
بانی: محمد شوکت

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

جلد 18 | منگل | 28 جولائی 2026ء | 12 سفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 438

سرمایہ کاری کے فروغ اور تجارت میں اضافہ ہم ترجیحات میں شامل ہے

سرفراز بگٹی

بلوچستان قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور معاشی امکانات کے اعتبار سے بے پناہ صلاحیتوں کا حامل صوبہ ہے، جس سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے سرمایہ کاری، صنعت اور تجارت کو فروغ دیا جائے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان

حکومت بلوچستان سرمایہ کاری کے فروغ، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس پیر کے روز چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلاول خان کاکڑ، چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم خان لاشاری، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی اجلاس میں بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے مختلف ایجنڈوں پر تفصیلی غور کیا گیا جبکہ بورڈ آف گورنرز نے مختلف مالیاتی اور انتظامی امور کی منظوری بھی دی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اے آئی ہیڈ ٹریفک سگنلز کی فعالیت سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم محمد شہباز شریف کا پاکستان اور چین کے درمیان ہمہ جہت تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کے عزم کا اعادہ

دونوں ممالک کی قیادت کے درمیان طے پانے والے اہم فیصلوں اور معاہدوں پر عملدرآمد کے لیے دونوں فریق قریبی تعاون جاری رکھیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور چین کے درمیان ہمہ جہت تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کی قیادت کے درمیان طے پانے والے اہم فیصلوں اور معاہدوں پر عملدرآمد کے لیے دونوں فریق قریبی تعاون جاری رکھیں گے۔ وہ پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل سے امریکی ایوانِ نمائندگان کے 2 ارکان کی جی ایچ کیو میں ملاقات، علاقائی سلامتی، دوطرفہ دفاعی اور اقتصادی تعاون پر تبادلہ خیال

پائیدار علاقائی استحکام کا دارومدار اقتصادی ترقی، تجارت اور علاقائی روابط پر ہے، فیلڈ مارشل

پاکستان کاروبار دوست ماحول کی فراہمی، غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ساختی اصلاحات پر عمل پیرا ہے، فیلڈ مارشل

وفد کے پیشہ ورانہ تجربے اور بصیرت کو مدنظر رکھتے ہوئے دونوں جانب سے دوطرفہ اقتصادی تعاون، نجی شعبے کی شراکت داری اور باہمی تجارتی تعلقات کے فروغ کے مواقع پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے امریکی ایوانِ نمائندگان کے رکن ریان کیتھ زنکے اور مائیکل جیمز نے جنرل ہیڈکوارٹرز راولپنڈی میں ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی، دوطرفہ دفاعی تعاون اور اقتصادی تعاون و خوشحالی کے فروغ کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بیان کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان کی وسیع اقتصادی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پائیدار علاقائی استحکام کا دارومدار اقتصادی ترقی، تجارت کے فروغ اور علاقائی روابط پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کاروبار دوست ماحول کی فراہمی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ساختی اصلاحات پر عمل پیرا ہے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق امریکی وفد نے علاقائی استحکام اور اقتصادی مضبوطی کے لیے پاکستان کے اہم کردار کو سراہا۔ وفد کے پیشہ ورانہ تجربے اور بصیرت کو مدنظر رکھتے ہوئے دونوں جانب سے دوطرفہ اقتصادی تعاون، نجی شعبے کی شراکت داری اور (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ مختلف اداروں کے طلباء سجاد احمد امجد قیوم اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کیپٹن محمد سرور شہید نے فرض، شجاعت اور حب الوطنی کی لازوال مثال قائم کی، صدر زرداری

پاکستان کے پہلے نشانِ حیدر حاصل کرنے والے کیپٹن محمد سرور شہید کا نام عظیم سپوتوں میں ہمیشہ زندہ رہے گا، صدر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان کے پہلے نشانِ حیدر حاصل کرنے والے کیپٹن محمد سرور شہید کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے آزادی کشمیر اور وطن کے دفاع کیلئے جان کا نذرانہ دے کر فرض شناسی، شجاعت اور حب الوطنی کی ایسی لازوال مثال قائم کی جو ہمیشہ قوم کیلئے باعثِ فخر رہے گی۔ ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے کیپٹن محمد سرور شہید نشانِ حیدر کی 78 ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ کیپٹن محمد سرور شہید نے آزادی کشمیر (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر پٹرولیم نے آئل ٹینکر کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے مسائل کے حل کے لیے کمیٹی قائم کردی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے آئل (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے چینی سفیر کی ملاقات، مشرقِ وسطیٰ، افغانستان، جنوبی ایشیا سمیت خطے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

شہباز شریف کا پاکستان، چین کے درمیان ہمہ جہت اسٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان اور چین کے درمیان ہمہ جہت اسٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ جاری بیان کے مطابق پیر کو وزیراعظم شہباز شریف سے چینی سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے ملاقات کی اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر برائے (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

کل جماعتی حریت کانفرنس کی مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری بھارتی مظالم کی شدید مذمت

اب وقت آگیا ہے بھارتی حکومت اپنی ہٹ دھرمی ترک کرے اور دیرینہ تنازعے کے حل کے لیے اقدامات کرے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے بھارتی فورسز کی طرف سے جاری فوجی کارروائیوں، گرفتاریوں اور دیگر مظالم کی شدید مذمت کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ بھارتی (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

بھارتی وزیر دفاع کا بیان مسترد، کسی بھی مہم جوئی کیلئے تیار ہیں، دفتر خارجہ

جموں و کشمیر تنازع اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود ہے، بھارتی وزیر دفاع کا بیان جموں و کشمیر تنازع کے حقائق کو مسخ کرتا ہے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارتی وزیر دفاع کے اشتعال انگیز بیانات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی بھارتی مہم جوئی کا سامنا کرنے کیلئے تیار ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق جموں و کشمیر تنازع اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود ہے، بھارتی وزیر دفاع کا بیان جموں و کشمیر تنازع کے حقائق کو مسخ کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے بے بنیاد الزامات کا مقصد مقبوضہ جموں و کشمیر پر قبضے سے توجہ ہٹانا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارتی حکومت علاقائی اور عالمی امن و سلامتی خطرے میں ڈالنے کی پالیسی پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پاکستانی عوام اور حکومت کے غیر متزلزل عزم کو کمزور نہ سمجھے، پاکستان کسی بھی بھارتی مہم جوئی کا بھرپور مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران پوری قوم اور مسلح افواج نے اس عزم کا مظاہرہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارت خطے میں دہشت گردی کی سرپرستی اور داخلی عدم استحکام سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے، عالمی برادری بھارت کے مسلسل جارحانہ طرز عمل کا نوٹس لے۔ بیان کے مطابق کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی ضمانت سلامتی کونسل کی قراردادوں میں ہے، اقوام متحدہ بھارت کو سلامتی کونسل کی قراردادوں (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

انجمن تاجران بلوچستان پورے صوبے کی سب سے بڑی اور نمائندہ تاجر تنظیم ہے، رحیم آغا

جس نے ہمیشہ تاجروں کے مسائل کے حل، کاروباری طبقے کے حقوق کے تحفظ اور قانون کی بالادستی کے لیے مؤثر کردار ادا کیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے کرایہ داروں کے معاملے پر کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کی سب سے بڑی نمائندہ تاجر تنظیم کو دانستہ طور پر نظرانداز کیا گیا، جو نہ صرف تاجروں کے حقوق کی نفی بلکہ شہر کے حالات کو خراب کرنے کی ایک منظم کوشش ہے۔

رانا ثنا اللہ نے ایل اے 10 کوٹلی میں انتخاب روکنے کا مطالبہ کر دیا

دھاندلی پر تفتیش کی جائے، انکوائری مکمل ہونے تک ایل اے 10 کوٹلی میں انتخاب روکا جائے، مشیر وزیر

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما رانا ثنا اللہ نے آزاد کشمیر کے حلقہ ایل اے 10 کوٹلی میں انتخاب روکنے کا مطالبہ کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رانا ثنا اللہ نے وزیراعظم آزاد کشمیر اور چیف الیکشن کمشنر سے انکوائری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ثقلین اور قیصر پٹواری سے مبینہ دھاندلی پر تفتیش کی جائے، انکوائری مکمل ہونے تک ایل اے 10 کوٹلی میں انتخاب روکا جائے۔

وزیراعظم کا کیپٹن محمد سرور شہید) کے یوم شہادت پر ان کی شجاعت، وطن سے بے لوث وفاداری پر خراج عقیدت

کیپٹن محمد سرور شہید کا جذبہ حب الوطنی، فرض شناسی اور میدان جنگ میں لازوال قربانی آنے والی نسلوں کیلئے مشعل راہ ہے، شہباز

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کیپٹن محمد سرور شہید (نشان حیدر) کے یوم شہادت پر ان کی شجاعت، وطن سے بے لوث وفاداری اور جرت مندی پر پوری قوم کی جانب سے خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کیپٹن محمد سرور شہید کا جذبہ حب الوطنی، فرض شناسی اور میدان جنگ میں لازوال قربانی آنے والی نسلوں کیلئے مشعل راہ ہے۔

ایف بی آر نے انکم ٹیکس کے سالانہ گوشوارے طلب کر لیے

پاکستان بھر کے قابل ٹیکس آمدن کے سالانہ ریٹرن 30 ستمبر 2026 تک جمع کرائے جاسکیں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال نے انکم ٹیکس کے سالانہ گوشوارے طلب کر لیے۔ چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

بشام میں چینی انجینئرز پر خودکش حملہ 49، ملزمان کی ضمانت منسوخی کی درخواست پر سماعت ملتوی

آئندہ سماعت پر ملزمان وکیل کے ساتھ پیش ہوں، بصورت دیگر ضمانت منسوخ کر دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان میں بشام میں (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

کاروبار کی رجسٹریشن کا نظام آسان اور سہل بنایا جا رہا ہے، جام کمال

وزیر تجارت سے اسلام آباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے وفد کی ملاقات، ٹیکس اصلاحات سمیت مختلف امور پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے اسلام آباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے وفد نے پیر کو ملاقات کی۔ ترجمان وزارت تجارت کے مطابق ملاقات میں ایس ایم ایز، ٹیکس اصلاحات، صنعتی انفراسٹرکچر اور کاروباری آسانیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ حکومت ایس ایم ایز کے فروغ اور صنعت کاری کے لیے کاروبار دوست ماحول فراہم کرے گی، غیر ضروری ریگولیٹری رکاوٹیں ختم، کاروباری عمل کو مزید آسان بنایا جائے گا۔ جام کمال نے کہا کہ کاروبار کی رجسٹریشن کا نظام آسان اور سہل بنایا جا رہا ہے، ٹیکس نیٹ میں توسیع نئے کاروباروں کی دستاویزی شمولیت سے ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سٹیٹ بینک کی نئی ایس ایم ای (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

کالعدم بی ایل ایف کا خاتون کو اغوا کر کے قتل، روبینہ کے والد کا انصاف کا مطالبہ

بیٹی کو اکبر ولد غنی نے کالعدم بی ایل ایف کے ارکان کے ساتھ مل کر اغوا کیا، مقتولہ کے والد کا مکمل تحقیقات کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے ضلع آوران میں ایک حاملہ خاتون کے مبینہ اغوا، تشدد اور قتل کے واقعہ پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے والد نے انصاف کا مطالبہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق روبینہ نامی خاتون کو 20 اور 21 جولائی کی درمیانی شب ضلع آوران سے طور پر اغوا کیا گیا جبکہ ان کی مسخ شدہ لاش 25 جولائی کو علاقے کبری کور نالہ سے برآمد ہوئی۔

اسسٹنٹ کمشنر چھتر بشیر احمد کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

چھتر (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر چھتر بشیر احمد نے نائب تحصیلدار میر حسن صدورا خان ابڑو اور پٹواری غلام رسول مغیری کے ہمراہ ریچ کینال، یونین کونسل شوری ڈربی بیرون کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا تفصیلی (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

بی ایف اے کی کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 69 خوراک کے مراکز پر جرمانے عائد، 100 سے زائد اصلاحی نوٹسز جاری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے صوبہ بھر میں خوراک کے معیار کو بہتر بنانے اور عوام کو محفوظ و معیاری خوراک کی یقینی فراہمی کیلئے کارروائیاں جاری ہیں۔

ریلوے انتظامیہ نے بدر ایکسپریس، غوری ایکسپریس کو منسوخ کر دیا

حالیہ بارشوں کی وجہ سے کئی مسافر ٹرینوں کو شیڈول روٹس کی بجائے دیگر روٹس سے چلایا گیا

لاہور (این این آئی) ریلوے انتظامیہ نے بدر ایکسپریس اور غوری ایکسپریس کو منسوخ کر دیا جبکہ حالیہ بارشوں کی وجہ سے کئی مسافر ٹرینوں کو شیڈول روٹس کی بجائے دیگر روٹس سے چلایا گیا۔ قراقرم 42 ڈاؤن لاہور سے کراچی کیلئے براستہ ساہیوال روانہ ہوئی، قراقرم کے (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

وزارتِ خارجہ کا قونصلر سروسز کیلئے شام کی شفٹ شروع کرنے کا اعلان

اوقات کار میں توسیع کا مقصد عوام کو زیادہ سہولت فراہم کرنا اور خدمات کی فراہمی کے نظام کو مزید بہتر بنانا ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) وزارتِ خارجہ نے قونصلر سروسز کیلئے شام کی شفٹ شروع کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اپنے ٹوئٹ میں کہا ہے کہ شہری اب پیر سے جمعہ تک صبح 8:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک قونصلر خدمات سے استفادہ کر سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے خدمات مزید قابل رسائی، سہل اور مؤثر بن جائیں گی، قونصلر سروسز کے اوقات کار میں توسیع کا مقصد عوام کو زیادہ سہولت فراہم کرنا اور خدمات کی فراہمی کے نظام کو مزید بہتر بنانا ہے۔ وزارت نے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ قونصلر خدمات کے نئے اوقات سے متعلق جاری کردہ عوامی نوٹس کے مطابق اپنی درخواستیں جمع کرائیں۔

حکومت نوجوان پیشہ ور افراد کو قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کے لیے مزید مواقع فراہم کرتی رہے گی، سینیٹر محمد اورنگزیب

نوجوان سکالرز پاکستان کے ساتھ اپنا تعلق مضبوط رکھیں، علم، جدت اور عالمی تجربے کو ملک کی طویل المدتی معاشی ترقی میں مثبت کردار ادا کرنے کیلئے استعمال کریں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت نوجوان پیشہ ور افراد کو قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کے لیے مزید مواقع فراہم کرتی رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو وزارت منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات کے زیر اہتمام جاری اڑان اوورسیز پاکستانی سمر سکالرز پروگرام کے (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

نجی ٹرانسپورٹ کمپنی نے ایئر لائن کے شعبے میں قدم رکھنے کی منصوبہ بندی شروع کر دی

سول ایوی ایشن، لیز پر طیاروں کے حصول کے حوالے سے ابتدائی ورکنگ مکمل کر لی گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان کی معروف نجی ٹرانسپورٹ کمپنی نے ایئر لائن کے شعبے میں قدم رکھنے کی منصوبہ بندی شروع کر دی ہے، مجوزہ ایئر لائن کے نام پر مشاورت (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں سالانہ ختم حزب البحر شریف کے روحانی اجتماع سے ذوالفقار علی قادری علامہ ذیشان طارق اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

حکومت تین سال کیلئے ''چارٹر آف اکانومی'' متعارف کرائے، مدثر مسعود چوہدری

ترقیاتی فنڈز کو صرف برآمدات، ٹیکنالوجی، صنعتی پیداوار بڑھانے والے منصوبوں پر خرچ کیا جائے

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے کہا ہے کہ موجودہ معاشی صورتحال کاروباری برادری اور صنعتکاروں کے لیے چیلنج بن چکی ہے، بلند شرح سود، مہنگی توانائی، بڑھتے ہوئے ٹیکسز اور روپے کی قدر میں اتار چڑھاؤ نے صنعتی سرگرمیوں کو بری طرح متاثر کیا ہے۔

فتن الہندوستان کے گرفتار دہشت گرد کے دوران تفتیش ہوشربا انکشافات

دہشت گرد تنظیم نے جھوٹے وعدے اور مالی لالچ دے کر بھرتی کیا، حبیب اللہ

اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں گرفتار فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد نے دوران تفتیش ہوشربا انکشافات کیے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق گرفتار دہشت گرد حبیب اللہ کا تعلق ضلع خضدار کی تحصیل اورناچ کے علاقے سیراندوہ سے ہے۔

گروپ کیپٹن شہید عاصم طارق قتل کیس، ملزم سعد عباسی کا مزید 7 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

قتل میں استعمال ہونے والا پستول برآمد، جسے ملزم نے واردات کے بعد چھپا دیا تھا، پراسیکیوٹر راجہ نوید کیانی

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے گروپ کیپٹن شہید عاصم طارق قتل کیس میں گرفتار ملزم سعد عباسی کا مزید 7 روزہ جسمانی (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

ڈیزل مزید مہنگا، پیٹرول کی قیمت میں 1 روپے کی معمولی کمی

پیٹرول کی نئی قیمت 334 روپے 18 پیسے، ڈیزل کی قیمت 386 روپے 83 پیسے پر پہنچ گئی

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی نے پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا۔ وزارت پیٹرولیم کی جانب سے جاری نوٹی فکیشن کے مطابق 28 جولائی کیلیے ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے، جس کے بعد ڈیزل کی فی لیٹر قیمت 383 روپے 46 پیسے سے بڑھ کر 386 روپے 83 پیسے پر پہنچ گئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 1 روپے کی کمی کی گئی ہے جس کے بعد قیمت 335 روپے 18 پیسے سے کم ہوکر 334 روپے 18 پیسے پر پہنچ گئی۔ اوگرا کے مطابق نئی قیمتوں کا اطلاق 28 جولائی کیلیے کیا گیا ہے۔

ڈائریکٹر سیاحت و ثقافت گہرام بخشی بلوچ بلوچستان سے تعلق رکھنے والی پہلی خاتون ماؤنٹینر ملائکہ خلجی کو شیلڈ دے رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی میں میونسپل کمیٹی کے عملے اور تاجروں میں ٹھن گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میونسپل کمیٹی کے عملے اور تاجر برادری نے ٹھن گئی میونسپل کمیٹی کے اہلکار کو ٹائر پنچر شاپ کے مالک کے درمیان جھگڑا سامان ضبط جبکہ تاجر برادری کا احتجاج قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں ٹائر پنچر شاپ کے مالک اور میونسپل کمیٹی کے صفائی ستھرائی کرنے والے اہلکار فرحان علی (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

ایران سے اچھی بات چیت ہو رہی ہے، بہت امکان ہے کچھ نہ کچھ ہو جائیگا، ٹرمپ

ہمارے پاس بہت زیادہ ہتھیار موجود ہیں، میں مزید ہتھیار بھی چاہتا ہوں، ایران کے معاملے میں ہم اسرائیل کے زیادہ نزدیک ہیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران سے اچھی بات چیت ہو رہی ہے، بہت امکان ہے کہ کچھ نہ کچھ ہو جائیگا۔ مشی گن روانہ ہونے کے بعد دوران سفر طیارے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ ہمارے پاس کافی وقت ہے، ابھی ہم ایران سے بات چیت کر رہے ہیں، ہماری ایران سے اچھی بات چیت ہو رہی ہے، بہت امکان ہے کہ کچھ نہ کچھ ہو جائے گا۔ ٹرمپ نے کہا کہ ہمارے پاس بہت زیادہ ہتھیار موجود ہیں، میں مزید ہتھیار بھی چاہتا ہوں، ایران کے معاملے میں ہم اسرائیل کے زیادہ نزدیک ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ وہ وہ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے پوچھیں گے کہ آیا روسی سیٹلائٹ مشرق وسطیٰ میں حملوں کی رہنمائی کے لیے ایران کی مدد کر رہے ہیں۔

ڈیرہ اللہ یار پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار کے قریب مین روڈ پر ڈکیتی کی نیت سے کھڑے مسلح افراد نے پولیس کو دیکھ کر فائرنگ شروع کر دی اور فرار ہونے کی کوشش کی گئی پولیس کی مزید نفری طلب کر کے انکا تعاقب کیا گیا تو ملزمان نے پولیس پر دوبارہ (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

مریدکے، نالے کا بند ٹوٹنے کے باعث زیر آب آنے والے دیہات سے لوگوں کو ریسکیو کیا جا رہا ہے

وزیراعظم کا ہیپاٹائٹس کے خاتمے کیلئے غیر متزلزل حکومتی عزم کا اعادہ

شہریوں کی ہیپاٹائٹس کی سنگین جان لیوا اقسام سے بچاؤ کیلئے معیاری سکریننگ، تشخیص اور علاج کی سہولیات تک بلاامتیاز رسائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شہریوں کی ہیپاٹائٹس کی سنگین جان لیوا اقسام سے بچاؤ کے لئے معیاری سکریننگ، تشخیص اور علاج کی سہولیات تک بلاامتیاز رسائی کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے لئے وزیراعظم ٹومی پروگرام کا آغاز ایک تاریخی اور غیر معمولی اقدام ہے۔ ہیپاٹائٹس کے عالمی دن دن پر جاری بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ہیپاٹائٹس کے عالمی دن پر دنیا کے ساتھ مل کر اس موذی مرض کے خاتمے کے لئے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ہیپاٹائٹس سی کے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں شامل ہے اور کئی دہائیوں سے صحت عامہ کے اس مسئلہ سے دوچار ہے، ہیپاٹائٹس کی سنگین جان لیوا اقسام سیچاؤ کے لئے شہریوں کو معیاری سکریننگ، (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

حکومت کی جانب سے متعین کردہ کرایہ ہرصورت باقاعدگی سے ادا کرنا ہوگا، کمشنر کوئٹہ ڈویژن

کوئٹہ (این این آئی) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت میونسپل کارپوریشن کے زیر انتظام دکانوں اور کھوکوں کے کرایوں، بقایاجات اور دیگر متعلقہ مسائل کے حل کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ، اسسٹنٹ کمشنر (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی رہائی فورس کبھی قائم نہیں ہوئی، سہیل آفریدی نے وفاقی آئینی عدالت میں جواب جمع کرا دیا

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی آئینی درخواست ابتدائی مرحلے پر خارج کرنے، بانی پی ٹی آئی رہائی امن تحریک کو آئینی اور قانونی قرار دینے کی استدعا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی رہائی فورس کبھی قائم نہیں ہوئی۔ بانی پی ٹی آئی رہائی فورس کے کیس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے وفاقی آئینی عدالت میں جواب جمع کروا دیا۔ 8 صفحات پر مشتمل جواب ایڈووکیٹ جنرل کے ذریعے جمع کروایا گیا ہے۔ اپنے جواب میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی رہائی فورس کبھی قائم نہیں ہوئی۔ اصل اقدام بانی کی رہائی کیلیے امن تحریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی رہائی امن تحریک پرامن، غیر مسلح اور رضا کارانہ ہے۔

حکومت جدید مالیاتی ذرائع کے ذریعے سرمایہ کاری اور مالی وسائل کے نئے مواقع پیدا کرنے پر کام کر رہی ہے، وزیر خزانہ

حکومت نوجوان پیشہ ور افراد کو قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کیلئے مزید مواقع فراہم کرتی رہے گی، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت نوجوان پیشہ ور افراد کو قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کیلئے مزید مواقع فراہم کرتی رہے گی۔ وہ پیر کو وزارت منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات کے زیر اہتمام جاری اڑان اوورسیز پاکستانی سمر سکالرز پروگرام کے شرکا سے ایک خصوصی نشست میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ یہ چھ ہفتوں پر مشتمل انٹرن شپ پروگرام دنیا کی ممتاز جامعات میں زیر تعلیم اوورسیز پاکستانی طلبہ اور نوجوان محققین کو پاکستان کے سرکاری اداروں سے منسلک ہونے اور اپنی تعلیم، تحقیق اور بین الاقوامی تجربے کو قومی ترقی و خوشحالی کیلئے بروئے کار لانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے شرکا کا وزارت خزانہ میں خیر (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

استامحمد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری کھلی کچہری سے

کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily FARZAND-E-KASHMIR
روزنامہ فرزندِ کشمیر
چیف ایڈیٹر: محمد شوکت
چیف ایڈیٹر و پبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔ 0812869391
فیکس نمبر:۔ 0512204192, 0812869207,
نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

امریکا-ایران کشیدگی میں کمی دنیا مستقل جنگ بندی کی منتظر

امریکا اور ایران کے مابین جاری کشیدگی میں کمی واقع ہوئی ہے اور ایران پر 13 روز سے جاری امریکی حملے رک گئے۔ جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی رات امریکا نے ایران پر کوئی حملہ نہیں کیا۔ یہ ایک خوش آئند بات ہے اور پوری دنیا اس وقت ایک ایسے امن معاہدے کے انتظار میں ہے جس کے نتیجے میں مستقل جنگ بندی ہو سکے۔ عالمی معیشت کو امریکا کے جارحانہ اقدامات اور ایران کے ردعمل سے جو نقصان پہنچا ہے وہ جنگ بندی کے بعد بھی فوری طور پر قابو میں نہیں آسکے گا اور اس کے ازالے کے لیے چند ہفتے سے لے کر کئی مہینوں تک کا وقت درکار ہوگا۔ لیکن یہ اسی صورت میں ممکن ہوگا جب جنگ بندی ہو جائے۔ اگر امریکا کی طرف سے جارحیت جاری رہے تو اس کے ردعمل کے طور پر ایران بھی خلیجی ممالک میں موجود امریکی اڈوں کو نشانہ بناتا رہے گا اور اس سب کی وجہ سے معیشت کی بحالی کوئی بھی اقدام نہیں کیا جا سکے گا۔

اس سلسلے میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران اس وقت امریکا سے رابطے میں ہے اور معاہدہ کرنا چاہتا ہے۔ میرا خیال ہے ابھی وہ اس کے لیے تیار نہیں، شاید ابھی وقت بھی مناسب نہیں، وہ جوہری ہتھیار نہیں رکھ سکتے۔ اوول آفس میں صحافیوں کے سالانہ عشائیے میں خطاب کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ امریکی فوجی کارروائیوں نے ایران کی عسکری صلاحیت کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میں ایران کی بات سننے کے لیے تیار ہوں، ابھی تک ایران پر بڑے پیمانے پر حملے کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ نہیں کیا۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق، صدر ٹرمپ نے مشیروں اور کابینہ ارکان سے ملاقات کی اور ایران کے خلاف بڑے حملوں پر غور شروع کر دیا۔ بڑے فوجی آپریشن پر مشیروں سے ملاقات کی خبروں کے تناظر میں جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا انھوں نے کوئی فیصلہ کر لیا ہے تو ٹرمپ نے جواب دیا، 'نہیں، میں نے ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا'۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ دیکھیں، اس وقت ہماری ان سے بات چیت جاری ہے۔ میرے خیال میں وہ ہر گزرتے دن کے ساتھ زیادہ سنجیدہ ہوتے جا رہے ہیں، شاید اس کی وجہ بھی سب پر واضح ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایران کے حوالے سے ہمارے پاس 2 آپشنز ہیں: ایران پر حملے جاری رکھیں یا پھر کسی معاہدے پر پہنچ جائیں۔ مشرقِ وسطیٰ میں صورتحال بدل چکی ہے، ایران کا اثر و رسوخ اب کم ہو گیا ہے۔

دوسری جانب، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ پیغامات کا تبادلہ جاری ہے۔ ثالثی کا کوئی مسئلہ نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا کا دھمکی آمیز اور دباؤ پر مبنی رویہ قبول نہیں۔ ایران طاقت، دباؤ اور دھمکی کی زبان قبول نہیں کرے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ ایران اپنے موقف سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹے گا، آبنائے ہرمز میں ایران کے حقوق کا ہر قیمت پر تحفظ کریں گے۔

اس دوران ایک اہم پیش رفت یہ ہوئی ہے کہ کرغزستان میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس کے موقع پر ایرانی وزیر خارجہ کی اپنے روسی اور چینی ہم منصب سے الگ الگ ملاقاتیں ہوئی ہیں۔ عباس عراقچی اور چینی وزیر خارجہ وانگ ای کی ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے ایران کی خودمختاری اور قومی سلامتی کی حمایت کا اعادہ کیا۔ وانگ ای نے مشرقِ وسطیٰ میں بڑھتی کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت خطے میں امن اور استحکام کے لیے اہم پیش رفت ہے، اسے برقرار رکھا جانا چاہیے اور مذاکرات کا عمل فوری طور پر دوبارہ شروع ہونا چاہیے۔ انھوں نے مزید کہا کہ چین پاکستان اور دیگر ممالک کی ثالثی کی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا اور آبنائے ہرمز کے مسئلے کے حل کے لیے بھی کردار ادا کرے گا۔

اس موقع پر عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ امریکا نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے تحت جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ایران کے اہم انفراسٹرکچر پر حملے کیے اور جنگی جرائم کا ارتکاب کیا۔ ایران کی مذاکرات کی خواہش برقرار ہے اور تہران کشیدگی میں مزید اضافہ نہیں چاہتا۔ عباس عراقچی نے زور دیا کہ موجودہ نازک صورتحال میں ایران اور چین کو باہمی رابطے اور تعاون مزید مضبوط کرنا چاہیے، امید ہے کہ چین کشیدگی کم کرنے اور صورتحال کو معمول پر لانے میں اپنا اہم کردار ادا کرتا رہے گا۔

اسی طرح، عباس عراقچی کی روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف سے ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے سیاسی، اقتصادی، تجارتی، نقل و حمل اور توانائی سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان طے پانے والی مفاہمتوں پر موثر عمل درآمد کو آسان بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ ملاقات کے دوران عباس عراقچی نے آبنائے ہرمز میں پائی جانے والی عدم تحفظ کی صورتحال کو امریکا کی وعدہ خلافی کا براہِ راست نتیجہ قرار دیا۔

دریں اثناء، اقوامِ متحدہ میں ایران کے سفیر اور نائب مستقل نمائندے غلام حسین درزی نے سلامتی کونسل کو لکھے گئے ایک خط میں ناجی-15 اور ناجی-16 نامی جہازوں پر امریکی حملوں کو بین الاقوامی قوانین کی سنگین اور کھلی خلاف ورزی اور جنگی جرم کی مثال قرار دیا ہے۔ غلام حسین درزی کا کہنا ہے کہ جب ان دونوں جہازوں کو نشانہ بنایا گیا تو وہ کسی بھی قسم کی فوجی سرگرمی میں ملوث نہیں تھے اور ان پر جان بوجھ کر حملہ کیا گیا۔

یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ امریکا کا جنگی جنون اور طاقت کا زعم صورتحال میں بگاڑ کا باعث بن رہا ہے جس کی قیمت صرف ایران اور امریکا ہی نہیں بلکہ پوری دنیا ادا کر رہی ہے۔ اس پاگل پن پر قابو پانے کے لیے بین الاقوامی برادری کو متحد ہونا ہوگا ورنہ یہ چنگاری پورے گلشن کو راکھ کر سکتی ہے۔ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی شکل میں پہلے ہی ایک ایسا معاہدہ طے پایا چکا ہے جس کے تحت فریقین ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھ کر بات کر سکتے ہیں۔ امریکا اور ایران کے ایک دوسرے سے متعلق جو بھی تحفظات ہیں ان کا حل مذاکرات کے ذریعے نکالا جا سکتا ہے۔ دونوں طرف سے اب تک کی گئی عسکری کارروائیاں یہ بات پوری طرح واضح کر چکی ہیں کہ طاقت کا استعمال مسئلہ حل نہیں کرے گا، لہٰذا بین الاقوامی برادری کو فریقین پر دباؤ ڈالنا چاہیے کہ وہ مذاکرات کی میز پر آئیں اور مستقل جنگ بندی کے لیے قابلِ عمل معاہدہ کریں۔

رائیونڈ سے متحدہ کشمیر تک

جاوید اقبال بٹ

پاکستان کی سیاست میں بعض اوقات ایک جملہ بھی ایسی بحث چھیڑ دیتا ہے جو کئی زاویوں سے غور و فکر کا تقاضا کرتی ہے۔ 18 جولائی کو مظفر آباد میں مسلم لیگ (ن) کے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف نے کہا کہ اگر مسلم لیگ (ن) آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں کامیاب ہوئی تو وہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے کہیں گے کہ انھیں آزاد کشمیر کا وزیر اعظم بنا دیا جائے۔ اس بیان پر پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے طنزیہ انداز میں ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ 'رائیونڈ کا ایک شہری آزاد کشمیر کا وزیر اعظم بننا چاہتا ہے'۔ یہ ایک سیاسی ردعمل تھا، مگر اس کے ساتھ ایک بنیادی سوال بھی جنم لیتا ہے کہ کیا کسی رہنما کی صلاحیت، حب الوطنی اور قیادت کا معیار اس کا آبائی شہر ہوتا ہے یا اس کی سیاسی جدوجہد، عوامی اعتماد اور آئینی حیثیت؟

پاکستان کی سیاسی تاریخ واضح کرتی ہے کہ عوام نے محمد نواز شریف کو تین مرتبہ ملک کا وزیر اعظم منتخب کیا۔ اسی طرح معین قریشی اور شوکت عزیز بھی وزیر اعظم رہے، جنھوں نے بیرونِ ملک طویل عرصہ گزارا، لیکن آئین اور قانون کے مطابق پاکستان کی قیادت کی۔ اس لیے جمہوری نظام میں اصل فیصلہ عوام کا مینڈیٹ اور آئین کرتا ہے، نہ کہ کسی شخصیت کا تعلق رائیونڈ، لاہور، کراچی یا کسی دوسرے شہر سے۔ اسی تناظر میں میری ذاتی خواہش ہے کہ جب وہ تاریخی دن آئے، جس کا ہر پاکستانی اور ہر کشمیری برسوں سے منتظر ہے، یعنی مقبوضہ جموں و کشمیر بھارتی تسلط سے آزادی حاصل کر کے پاکستان سے الحاق کرے اور متحدہ کشمیر وجود میں آئے، تو اس خطے کی قیادت بھی ایک ایسے قومی رہنما کے ہاتھ میں ہو جو مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر موثر انداز میں اجاگر کرنے کا وسیع تجربہ رکھتا ہو۔ میری رائے میں محمد نواز شریف اس صلاحیت اور سیاسی تجربے کے حامل رہنما ہیں، اسی لیے میں انھیں مستقبل کے متحدہ کشمیر کے وزیر اعظم کے طور پر دیکھنے کی خواہش رکھتا ہوں۔

یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ یہ میری ذاتی سیاسی رائے اور خواہش ہے، جس سے اختلاف ہر شہری اور ہر سیاسی جماعت کا جمہوری حق ہے۔ تاہم جمہوریت کا حسن دلیل، برداشت اور آئینی اصولوں میں ہے، نہ کہ شخصیات پر ان کے آبائی شہر یا رہائش کی بنیاد پر طنز کرنے میں۔ کشمیر صرف ایک خطہ نہیں بلکہ پاکستان کی قومی پالیسی، تاریخی موقف اور کشمیری عوام کی قربانیوں کی علامت ہے۔ ہماری دعا ہے کہ آزادیِ کشمیر کا خواب جلد شرمندہ تعبیر ہو، اور اس خطے کے عوام اپنی مرضی، اپنے ووٹ اور جمہوری عمل کے ذریعے اپنی قیادت کا انتخاب کریں۔ یہی جمہوریت کا تقاضا بھی ہے اور کشمیری عوام کا بنیادی حق بھی۔

بھارتی "جین زی" کے ہاتھوں مودی سرکار کی پسپائی

نصرت جاوید

گزشتہ چند دنوں سے بھارتی دارالحکومت میں دورِ حاضر میں جین-زی کہلاتے نوجوانوں نے مظاہروں کا سلسلہ شروع کر رکھا تھا۔ رواں برس کے مئی میں ہوئے Neet (نیٹ) نام کے امتحان نے انہیں گھروں سے نکلنے کو مجبور کیا۔ مذکورہ امتحان سرکاری طور پر چلائے میڈیکل کالجوں میں داخلے کے لئے میسر ایک لاکھ دس ہزار نشستوں کے حصول کی خاطر دیا جاتا ہے۔ 2026ء کے مئی میں 20 لاکھ سے زیادہ طلباء نے اس میں حصہ لیا تھا۔ دوران امتحان سنسنی خیز انکشاف یہ ہوا کہ راجستھان کے علاوہ مہاراشٹر کے کئی شہروں میں بھی امتحانی پرچے لیک ہو چکے تھے۔ مذکورہ امتحان کے لئے سوالات مرتب کرنے والے چند اساتذہ نے ''گیس پیپر'' تیار کر کے مارکیٹ میں فروخت کئے۔ ان میں وہی سوالات پوچھے گئے تھے جو امتحانی پرچوں میں عیاں ہوئے۔ امتحانی سوالات مرتب کرنے والے چند اساتذہ پونہ جیسے شہروں میں بھاری بھرکم فیسوں کے ساتھ ''کوچنگ سینٹر'' بھی چلا رہے تھے۔ ''نیٹ'' امتحان کی تیاری کے نام پر انہوں نے منافع کا بھرپور سیزن لگایا۔ امتحانی پیپر زلیک ہونے کی خبر نے لہٰذا پورے بھارت کے متوسط طبقے کو نسلی، مذہبی اور صوبائی تقسیم بھلاتے ہوئے بوکھلا دیا۔

سرکاری میڈیکل کالجوں میں ایم بی بی ایس کی تیاری کرتے ہوئے طالب علموں کو سالانہ پانچ سے دس لاکھ بھارتی روپے خرچ کرنا ہوتے ہیں۔ نجی طور پر چلائے کالجوں میں اس ڈگری کے حصول کے لئے کم از کم دس گنا زیادہ رقم خرچ کرنا پڑتی ہے۔ اسی باعث ایک لاکھ دس ہزار نشستوں کے لئے 20 لاکھ سے زیادہ طلبہ نے داخلے کے امتحان میں حصہ لیا۔ اس میں اکثریت ایسے طلبہ کی تھی جو یہ امتحان دوسری یا تیسری بار دے رہے تھے اور اس کی تیاری کے لئے انہوں نے وقت کے علاوہ اپنے ماں باپ کی محدود آمدنی کا کافی حصہ ''کوچنگ سینٹروں'' کی نذر کیا۔ امتحانی پیپر لیک ہو جانے کی خبروں سے وہ دل برداشتہ ہو گئے۔ ان کے والدین بھی خود کے ساتھ دھوکا دہی کی واردات کا صدمہ برداشت کرتے بلبلا اٹھے۔ سب نے یک زبان ہو کر مرکزی وزیر تعلیم کے استعفیٰ کے بعد صاف، شفاف تحقیقات کے ذریعے امتحانی سوالات لیک کرنے کے ذمہ داروں کی نشاندہی اور ان کے لئے عبرت ناک سزاؤں کا مطالبہ کیا۔ مودی حکومت اپنے وزیر تعلیم کے دفاع میں ڈٹ گئی۔ 3 مئی کے روز ہوئے امتحان کے نتائج منسوخ کرنے کے بعد نیا امتحان لیا گیا۔ محض چند افراد کے خلاف امتحانی سوالات لیک کرنے کے الزامات کے تحت رسمی انکوائری کا اعلان ہوا۔

دریں اثناء ۔ بھارتی سپریم کورٹ کے ایک جج نے اپنے روبرو پیش ہوئی ایک اپیل کی سماعت کے دوران بیروزگار نوجوانوں کو ''کاکروچ (لال بیگ)'' پکارا جو سوشل میڈیا پر بقول اس کے واہی تباہی پھیلاتے رہتے ہیں۔ اس کے حقارت بھرے الفاظ نے امریکہ کی ہوسٹن یونیورسٹی میں 'ذہن سازی' کی تعلیم حاصل کرتے ایک بھارتی نوجوان کو انٹرنیٹ کے پلیٹ فارم استعمال کرتے ہوئے ''کاکروچ جنتا پارٹی'' کے قیام کے اعلان کو آکسایا۔ اسے سی جے پی (CJP) پکارا جا رہا ہے۔ اپنی بنائی جماعت کی پذیرائی سے متاثر ہو کر اس کا بانی امریکہ چھوڑ کر بھارت لوٹ آیا اور نوجوانوں کو پارلیمان کے گھیراؤ کے لئے تیار کرنا شروع کر دیا۔

نئی دلی میں پارلیمان کی جانب بڑھنے والے احتجاجی جلوس عموماً جنتر منتر نامی ایک چوراہے سے شروع ہوتے ہیں۔ گزشتہ پیر کے روز بھارتی پارلیمان کا مون سون سیشن شروع ہوا تو دلی کے تقریباً مرکز میں واقع جنتر منتر کو پولیس کی بے پناہ نفری نے گھیرے میں لے لیا۔ اس مقام کو پہنچانے والی میٹرو سروس معطل کر دی گئی۔ تمام تر رکاوٹوں کے باوجود ہزاروں طلباء احتجاج کے لئے وہاں پہنچ گئے تو پولیس نے انہیں گھیر کر بے دردی سے پیٹنا شروع کر دیا۔ پولیس گردی کے انتہائی مراحل میں نوجوان بچیوں کو کئی پولیس والوں نے غلیظ گالیاں دیتے ہوئے جنسی درندوں کی زبان استعمال کی۔ آبادی کے اعتبار سے دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہونے کے دعوے دار بھارت کے ''24/7 باخبر رکھتے'' ٹی وی چینلوں کو مظاہرے کی رپورٹنگ سے روک دیا گیا۔ سوشل میڈیا مگر پل پل کی خبر دیتا رہا۔ اس پر قابو پانے کے لئے دلی کے تقریباً 70 فی صد علاقوں میں انٹرنیٹ کی سہولت معطل کر دی گئی۔ تمام تر پابندیوں کے باوجود مگر مظاہرین نے حوصلہ نہ ہارا۔ پولیس گردی سے مشتعل ہو کر ایم بی بی ایس کے داخلے کے امتحان میں ہوئی ہیرا پھیری کے خلاف ابھری یہ تحریک جین-زی کی اجتماعی تحریک بن گئی۔ جو نظامِ کہنہ سے اکتائی ہوئی ہے۔

مذکورہ تحریک پر نگاہ رکھتے ہوئے مجھے ''عرب تحریک'' یاد آ گئی۔ 2011ء میں ابھری اس تحریک نے مگر بالآخر مصر اور تیونس جیسے ممالک میں آمرانہ نظام کو مزید سخت گیر بنا دیا۔ مذکورہ انجام کو ذہن میں رکھتے ہوئے میں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر سادہ اور مختصر سوال فقط یہ پوچھا کہ بھارت کی حالیہ تحریک کا انجام عرب بہار جیسا تو نہیں ہوگا۔

میرا سوال ایکس پر پوسٹ ہوتے ہی نوجوانوں کی کثیر تعداد نے مجھے ''بڈھے لفافے'' کو یاد دلایا کہ کئی برسوں سے میں ''ہائی برڈ نظام کا کارندہ'' بن چکا ہوں۔ مجھے ''بے ضمیر'' کے خدشات کے برعکس بھارتی جین زی مودی حکومت کو بنگلہ دیش کی حسینہ واجد کی طرح فرار کو مجبور کر دے گی۔ چند ماہ قبل نیپال کی جین-زی بھی انقلاب لا چکی ہے۔ بھارت کے بعد پاکستان کی باری ہے۔ اپنی عزت و جان محفوظ رکھنے کے لئے مجھے خاموشی اختیار کرنا ہوگی۔

میرے خاموش ہونے سے قبل ہی مگر بھارت کی جین زی کے کئی نامور حامی-مثال کے طور پر ارون دھتی رائے-خبردار کرنا شروع ہو گئے تھے کہ لوگوں پر کڑی نگاہ رکھنے کے جدید ترین آلات سے لیس مودی سرکار کاکروچ پارٹی کی چلائی تحریک کو عرب بہار کے انجام کی جانب دھکیلنے کو تلی بیٹھی ہے۔ ارون دھتی رائے کے علاوہ نوجوانوں کے پرخلوص ہمدرد مگر تجربہ کار صحافی مسلسل متنبہ کرتے رہے کہ بھارتی حکومت جنتر منتر کو مکمل گھیرے میں لینے کے بعد وہاں تک موبائل اور انٹرنیٹ کی رسائی ناممکن بنا چکی ہے۔ مظاہرین کو کھانے پینے کی اشیاء ۔ فراہم کرنے والی دوکانیں بند کروانے کے ارادے ہیں۔ جنتر منتر میں جمع ہوئے مظاہرین کو اس علاقے تک محدود کرنے کے بعد روایتی اور سوشل میڈیا سے ''غائب'' کیا جا رہا ہے۔ دہلی کے 70 فیصد علاقوں میں انٹرنیٹ کام نہیں کر رہا۔

مجھے ''بڈھے لفافے'' کے برعکس بھارتی صحافیوں اور لکھاریوں کی اکثریت مصر رہی کہ کاکروچ جنتا پارٹی کے چلائے احتجاج کی توانائی برقرار رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ اسے جنتر منتر تک محدود رکھنے کے بجائے پورے بھارت کے اہم شہروں تک پھیلایا جائے۔ سی جے پی کی قیادت نے ان کی پرخلوص رائے کا احترام کرتے ہوئے ''بڈھوں'' پر مایوسی پھیلانے کے الزامات لگانے کے بجائے پورے بھارت میں ایک روز بھرپور عوامی احتجاج کی کال دے دی۔ بھارت کے تقریباً ہر شہر سے ملک گیر احتجاج میں شرکت پر آمادگی کا اظہار ہوا تو مودی حکومت جھکنے کو مجبور ہو گئی۔ وزیر تعلیم نے کئی ہفتوں تک مزاحمت دکھانے کے بعد مستعفی ہونے کا اعلان کر دیا۔ وزیر تعلیم کے استعفیٰ کے بعد حکومت نے یقین دہانی کروائی ہے کہ جن طالب علموں نے نیٹ کے امتحان میں پیپر لیک ہونے کی وجہ سے خودکشی کی تھی ان کے خاندانوں کو مناسب زرتلافی فراہم ہوگا۔ دلی پولیس کے ان افسران کے خلاف بھی کارروائی ہوگی جنہوں نے مظاہرین پر وحشیانہ تشدد کا حکم دیا۔ مودی حکومت نے لچک دکھائی تو سی جے پی نے ملک گیر ہڑتال کی کال واپس لے لی۔ بھارتی جین زی ''انقلاب'' تو نہیں لا پائی مگر اپنے تمام مطالبات منوانے میں کامیاب ہو گئی اور مودی سرکار نے بھی خود کو بچا لیا ہے۔ دونوں فریقین کی جانب سے دکھائی لچک نے ٹھوس پیغام یہ دیا ہے کہ پرخلوص مذاکرات ہی جمہوری نظام برقرار رکھنے کی واحد ضمانت ہے۔

خوشحال خاندان میں مرد کا کردار

عتیق انور راجا

کسی بھی معاشرے کی بنیادی اکائی "خاندان" ہے، اور اس اکائی کا نظم و ضبط، سکون اور استحکام جس شخصیت کے گرد گھومتا ہے، وہ گھر کا مرد ہے۔ ایک مثالی خاندان کی بنیاد اس کے سربراہ کی بصیرت اور اعلیٰ کردار پر ہوتی ہے۔ عام طور پر مرد کو محض "نان نفقہ" فراہم کرنے والا ایک مالیاتی ذریعہ سمجھ لیا جاتا ہے، لیکن حقیقت اس سے کہیں بلند ہے۔ ایک باشعور مرد اپنے گھر کا صرف سربراہ ہی نہیں ہوتا، بلکہ وہ ایک استاد، ایک محافظ اور سب سے بڑھ کر ایک ایسا سایہ دار درخت ہوتا ہے جس کی ٹھنڈک تلے پورا خاندان پروان چڑھتا ہے۔ یوں کہا جائے تو بہتر ہوگا کہ گھر کا سربراہ محض ایک نگران نہیں، بلکہ وہ اس عمارت کا ستون ہے جس پر پورے کنبے کا مستقبل ٹکا ہوتا ہے۔ اس کی اولین ذمہ داری یہ ہے کہ وہ گھر کے تمام افراد کی بنیادی ضرورتوں، جیسے کہ صحت، متوازن خوراک اور معیاری تعلیم و تربیت کا بہترین اہتمام کرے۔ دورِ جدید میں ایک زیرک سربراہ وہ ہے جو دنیا کے بدلتے ہوئے تقاضوں کو سمجھے اور اپنے بچوں کو عملی زندگی کے چیلنجز کے لیے ذہنی اور فنی طور پر تیار کرے۔ خاندان میں سربراہ کا احترام کسی جبر یا خوف کی بنیاد پر نہیں، بلکہ اس کی ذہانت، دیانت اور اعلیٰ کردار کی بنا پر ہونا چاہیے۔ جب ایک سربراہ اپنے قول و فعل میں سچا ہوتا ہے اور مشکل وقت میں دانشمندی سے فیصلے کرتا ہے، تو وہ قدرتی طور پر اپنے کنبے کا "رول ماڈل" بن جاتا ہے۔ تجربہ شاہد ہے کہ خوشحالی کا تعلق صرف بینک بیلنس یا بڑی گاڑیوں سے نہیں ہے۔ اگر مرد باشعور ہو اور اس کا ظرف بڑا ہو، تو وہ محدود وسائل میں بھی گھر کو جنت نظیر بنا سکتا ہے۔ اس کے برعکس، اگر مرد بدتمیز، شک کرنے والا یا بخیل ہو، تو محل نما گھر بھی قید خانہ محسوس ہونے لگتے ہیں۔ گھر کی دیواریں اینٹ گارے سے بنتی ہیں، مگر ان میں رنگ بھرنے کا کام مرد کا اخلاق کرتا ہے۔ جو مرد اپنے جذبات پر قابو نہیں پا سکتا، وہ کبھی ایک کامیاب سربراہ نہیں بن سکتا۔ ایک خوشحال خاندان کی پہلی شرط میاں بیوی کے درمیان باہمی احترام ہے۔ مرد وہی ہے جو اپنی بیوی کی عزت، صحت اور اس کے سماجی مقام کا پاسبان ہو۔ بیوی محض گھر کی خادمہ نہیں بلکہ ایک ''جیون ساتھی'' ہے جو اپنا سب کچھ چھوڑ کر آپ کے نام کے ساتھ جڑتی ہے۔ ایک ذمہ دار مرد بچوں کی پیدائش سے پہلے اور بعد میں اپنی بیوی کی جسمانی اور نفسیاتی ضرورتوں کا ادراک رکھتا ہے۔ حمل کے دوران بہترین غذا کا اہتمام کرنا اور بچے کی پرورش میں ہاتھ بٹانا محض "عورت کا کام" نہیں بلکہ آنے والی نسل کی سرمایہ کاری ہے۔ ایک سمجھدار مرد اپنی بیوی کی صحت اور قوتِ برداشت کو مقدم رکھتا ہے اور مستقبل کے فیصلے باہمی مشاورت سے کرتا ہے۔ مالی معاملات کے حوالے سے ہمیں جاپان کی قدیم اور خوبصورت روایت "اوکوزوکائی" سے سیکھنے کی ضرورت ہے۔ جاپان کے کئی گھرانوں میں شوہر اپنی پوری تنخواہ بیوی (گھر کی مینیجر) کے سپرد کر دیتا ہے اور اپنے ذاتی خرچ کے لیے ایک مخصوص رقم لیتا ہے۔ یہ عمل محض پیسوں کا لین دین نہیں، بلکہ "مالی اعتماد" کی انتہا ہے۔ جب مرد اپنی کمائی بیوی کے ہاتھ پر رکھتا ہے، تو وہ اسے گھر کا حقیقی شراکت دار تسلیم کرتا ہے، جس سے عورت میں ذمہ داری کا احساس بیدار ہوتا ہے اور وہ فضول خرچی کے بجائے بچت کو ترجیح دیتی ہے۔ آج کی بدلتی ہوئی دنیا میں مرد کو ایک حکیمانہ فیصلہ ساز کا کردار ادا کرنا ہے۔ اسے معلوم ہونا چاہیے کہ کہاں سختی کرنی ہے اور کہاں نرمی۔ جب ایک مرد اپنے گھر میں محبت، اعتماد اور سخاوت کی مثال قائم کرتا ہے، تو اس کے بچے بھی وہی اوصاف لے کر معاشرے کا حصہ بنتے ہیں۔ مردانگی کا اصل امتحان باہر کی دنیا فتح کرنے میں نہیں، بلکہ اپنے گھر والوں کا دل جیتنے اور انہیں ایک باوقار زندگی فراہم کرنے میں ہے۔ جب ایک مرد اپنی ذمہ داریوں کو عبادت سمجھ کر پورا کرتا ہے، تو وہ نہ صرف اپنے گھر کو جنت بناتا ہے بلکہ معاشرے کو بھی بہترین شہری فراہم کرتا ہے۔

پاکستان میں دہشتگردی

نازیہ مصطفیٰ

دنیا میں دہشت گردی کے خلاف جنگ ایک عالمی سطح کا معاملہ ہے لیکن اس میں بھی اکثر ذہرا معیار دیکھنے کو ملتا ہے۔ مثال کے طور پر ہم دیکھتے ہیں کہ مغرب کا اپنا معاملہ ہو تو چھوٹے پیمانے کے واقعات پر بھی کئی تنظیموں کو فوری طور پر عالمی دہشت گرد تنظیموں کی فہرست میں شامل کر لیا جاتا ہے لیکن جب پاکستان جیسے ملک کا، جو دہشت گردی کے خلاف جنگ کی سب سے بڑی قیمت ادا کر رہا ہے، معاملہ آتا ہے تو اقوام متحدہ کی سکیورٹی کونسل اکثر خاموشی اختیار کر لیتی ہے یا معاملے میں تاخیر کرتی رہتی ہے۔ یہ ذہرا معیار نہ صرف انصاف کے اصولوں کے خلاف ہے بلکہ عالمی امن و استحکام کے لیے بھی خطرہ بن چکا ہے۔ مستونگ بلوچستان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعہ نے اس حقیقت کو ایک بار پھر واضح کر دیا ہے کہ دہشت گرد ریاست کے اداروں پر حملہ آور ہیں، عدلیہ، مزدور، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور عام شہری ان کا ہدف بن رہے ہیں، لیکن اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل ستو پی کر سو رہی ہے۔

مستونگ میں حال ہی میں دہشت گردی کا ایک سنگین واقعہ پیش آیا، جس میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے سکیورٹی گارڈ کو نشانہ بنا کر شہید کر دیا گیا۔ جج عبدالحکیم کاکڑ کوئٹہ سے مقدمات کی سماعت کے لیے جا رہے تھے کہ ایک ریلوے کراسنگ کے قریب ان پر حملہ ہوا۔ اس حملے میں ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت کئی دیگر افراد زخمی بھی ہوئے۔ اگرچہ آئی ایس کے پی نے اس حملے کی ذمہ داری قبول کی لیکن مبصرین کا کہنا ہے کہ اس حملے کا وقت اور طریقہ کار بی ایل اے کی حالیہ تخریبی سرگرمیوں سے ملتا جلتا ہے۔ یہ واقعہ بالکل اس وقت پیش آیا جب اینٹی ٹیررازم کورٹ کوئٹہ نے حال ہی میں بلوچ یکجہتی کمیٹی کے رہنماؤں کو سزائیں سنائی تھیں۔ اس سے بی وائی سی اور کالعدم بلوچ لبریشن آرمی کے گٹھ جوڑ کی طرف بھی اشارہ ملتا ہے۔ بی وائی سی کو شہری حقوق کی تحریک کے طور پر پیش کیا جاتا ہے لیکن تجزیہ کار اسے شہری سطح پر بی ایل اے کے لیے نظریاتی اور پروپیگنڈا کور فراہم کرنے والی تنظیم قرار دیتے ہیں۔ بی ایل اے معصوم شہریوں پر مسلح حملے کرتی ہے جبکہ بی وائی سی بیانیہ تیار کرتی ہے، ہمدردی پیدا کرتی ہے اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے خلاف مہم چلاتی ہے۔ ان تنظیموں کی ڈوریاں دلی اور کابل سے ہلائے جانے کے شواہد بھی سامنے آتے رہتے ہیں۔ دہشت گرد ریاست کے خلاف لڑ رہے ہیں اور عدلیہ جیسے حساس ادارے کو بھی نہیں بخش رہے۔ یہ کوئی اکا دکا واقعات نہیں، بلوچستان میں مسلسل دہشت گرد حملے ہو رہے ہیں جن میں سکیورٹی فورسز، عام شہری، مزدور اور یہاں تک کہ سیاح بھی نشانہ بن رہے ہیں۔ دہشت گرد گروہ نہ صرف پاکستان کی سالمیت کو چیلنج کر رہے ہیں بلکہ خطے میں عدم استحکام پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آئی ایس کے پی اور بی ایل اے جیسے گروہوں کے درمیان کبھی تعاون اور کبھی جھگڑے کی خبریں بھی آتی رہتی ہیں لیکن دونوں کا مشترکہ ہدف پاکستانی ریاست ہی ہے۔ جب ایسے واضح واقعات پیش آتے ہیں تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اقوام متحدہ کی سکیورٹی کونسل کب جاگے گی؟ بی وائی سی، بی ایل اے اور اس جیسی دیگر تنظیموں پر عالمی پابندیوں میں تاخیر کیوں کی جا رہی ہے؟ غیر جانبدار مبصرین اور تجزیہ کاروں کو بھی اس پر گہری تشویش ہے کہ اگر ایک طرف دیگر ممالک میں چھوٹے پیمانے کے حملوں پر بھی تنظیموں کو فوری طور پر دہشت گرد تنظیموں کی فہرست میں شامل کر لیا جاتا ہے تو پاکستان میں بار بار پیش آنے والے بڑے پیمانے کے حملوں پر خاموشی کیوں چھا جاتی ہے؟

دنیا میں کئی مثالیں موجود ہیں جہاں محدود وسائل والی چھوٹی تنظیموں کو بھی چند واقعات کے بعد عالمی دہشت گرد قرار دے کر ان کا قلع قمع کیا گیا۔ یورپ، افریقہ اور ایشیا کی کچھ گروہوں کو نسبتاً کم جانی نقصان کے باوجود فوری پابندیوں کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ ان کے خلاف مغرب کا سیاسی عزم موجود تھا۔ لیکن جب بات پاکستان کی آتی ہے تو تکنیکی اعتراضات، ثبوتوں کی کمی یا جغرافیائی سیاست کا حوالہ دے کر غیر ضروری تاخیر شروع کر دی جاتی ہے۔ اگرچہ بی ایل اے کو امریکہ نے قومی سطح پر غیر ملکی دہشت گرد تنظیم قرار دے رکھا ہے لیکن اقوام متحدہ کی سطح پر پاکستان اور چین کی مشترکہ کوششوں کو روک دیا گیا۔ یہ ذہرا معیار نہ صرف پاکستان کے ساتھ ناانصافی ہے بلکہ اس سے دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ کی ساکھ ک

(1)

باہمی تجارتی تعلقات کے فروغ کے مواقع پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق امریکی وفد نے پرتپاک میزبانی پر عسکری قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امریکا اور پاکستان کے درمیان اقتصادی، تجارتی اور ادارہ جاتی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

(2)

میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور تجارت کے مواقع میں اضافہ حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کو سازگار، شفاف اور کاروبار دوست ماحول کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی ہم آہنگی کے ساتھ کام کریں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور معاشی امکانات کے اعتبار سے بے پناہ صلاحیتوں کا حامل صوبہ ہے، جس سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے سرمایہ کاری، صنعت اور تجارت کو فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے، سرمایہ کاری کے عمل کو آسان بنانے اور نجی شعبے کے اعتماد کو مزید مضبوط کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کرے میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان سرمایہ کاری کے فروغ، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

(3)

منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال، وزیر اعظم کے مشیر ڈاکٹر سید تو قیر شاہ اور سیکرٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ بھی موجود تھیں۔ وزیر اعظم نے چینی صدر شی جن پنگ اور وزیر اعظم لی چیانگ کے لیے اپنی نیک تمناؤں اور خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان اور چین کے درمیان ہمہ جہت اسٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے رواں سال مئی میں اپنے دورہ چین کو خوشگوار انداز میں یاد کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان طے پانے والے اہم فیصلوں اور معاہدوں پر عملدرآمد کے لیے دونوں فریق قریبی تعاون جاری رکھیں گے تاکہ دونوں ممالک کے عوام باہمی فوائد سے مستفید ہو سکیں۔ ملاقات کے دوران مشرق وسطیٰ، افغانستان اور جنوبی ایشیا سمیت خطے کی مجموعی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چینی سفیر نے وزیر اعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ چین، پاکستان کو اپنا آہنی بھائی سمجھتا ہے اور پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے ساتھ ساتھ اس کی سماجی و معاشی ترقی کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا۔

(4)

فورسز نے وادی کشمیر میں گزشتہ چند دنوں کے دوران 3500 سے زائد بے گناہ کشمیریوں کو گرفتار کیا اور دور دراز کے مکانات کو مسمار کیا۔ ترجمان نے ضلع بڈگام کے علاقے پکھیر پورہ میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کے دوران بھارتی فورسز کی طرف سے عائد پابندیوں اور جمعہ اور دیگر نمازوں کے ساتھ ساتھ اذان کی اجازت نہ دینے کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ آر ایس ایس/ بی جے پی حکومت مقبوضہ علاقے میں ''اکھنڈ بھارت'' کا ہندوتوا ایجنڈا اسملط کرنے کے لیے اپنی فوج اور پولیس کو استعمال کر رہی ہے۔ بھارتی فورسز نے گزشتہ چند دنوں سے پکھیر پورہ کے علاقے میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کے دوران لوگوں کو علاقے میں آنے اور جانے اور مسجد میں نماز ادا کرنے سے روک دیا۔ حریت ترجمان نے کہا کہ بھارت کی ریاستی دہشت گردی اور کالے قوانین 1947 سے بالخصوص 1989 کے بعد کشمیری عوام کے جذبہ آزادی کو دبانے میں ناکام رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پرامن تحریک آزادی اپنے منطقی انجام تک جاری رہے گی۔ انہوں نے بھارتی جیلوں میں نظر بند حریت رہنماؤں کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا جن میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے چیئرمین مسرت عالم بٹ، شبیر احمد شاہ، محمد یاسین ملک، آسیہ اندرابی، فہیم احمد خان، ایاز محمد اکبر، شاہد الاسلام، معراج الدین کلوال، پیر سیف اللہ، فاروق احمد ڈار، فہمیدہ صوفی، ناہیدہ نصرین، ایڈووکیٹ میاں عبدالقیوم، مشتاق الاسلام، مولوی بشیر احمد عرفانی، بلال صدیقی، محمد رفیق گنائی، فیاض حسین جعفری، ڈاکٹر محمد شفیع شریعتی، غلام قادر بٹ، ڈاکٹر حمید فیاض، نور محمد فیاض، ڈاکٹر محمد قاسم قلندر، حیات احمد بٹ، ایڈووکیٹ زاہد علی، عمر عادل ڈار، سلیم نجاتی، محمد یاسین بٹ، ظہور احمد بٹ اور دیگر شامل ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کشمیری عوام تنازعہ کشمیر کے حل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے اور اب وقت آگیا ہے کہ بھارتی حکومت اپنی ہٹ دھرمی ترک کرے اور دیرینہ تنازعے کے حل کے لیے اقدامات کرے۔ بیان میں بین الاقوامی برادری پر زور دیا گیا کہ وہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی ریاستی دہشت گردی پر اپنی خاموشی توڑ دے اور مزید تاخیر کئے بغیر بھارت کو دیرینہ تنازعہ کشمیر کو حل کرنے پر مجبور کرے۔

(5)

ینگر کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن (او ٹی سی اے) کے صدر عابد اللہ آفریدی کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی، ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں آئل ینگر انڈسٹری کو درپیش مسائل کو باہمی مشاورت سے حل کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر نیابسوی ایشن کے تحفظات کا جائزہ لینے اور ایک ہفتے کے اندر سفارشات پیش کرنے کے لیے سپیشل سیکرٹری پٹرولیم کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دے دی۔ میٹنگ میں ڈائریکٹر جنرل)آئل (، آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کے نمائندے، آئل ینگر کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن (او ٹی سی اے) کے نمائندے اور آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل (اوسی اے سی) کے سیکرٹری جنرل شامل ہوں گے۔ ملاقات کے دوران او ٹی سی اے کے وفد نے اپنے اہم مطالبات پیش کیے جن میں وائٹ آئل پائپ لائن کے کوٹے میں کمی، آئل مارکیٹنگ کمپنیوں (او ایم سیز) کی جانب سے فریٹ کنٹریکٹس کی شفاف تقسیم کا طریقہ کار، فریٹ فارمولے کو کنزیومر پرائس انڈیکس (سی پی آئی) سے منسلک کرنا اور کمرشل لوڈنگ کا فوری خاتمہ شامل تھے۔ وفاقی وزیر نے اوگرا کو ہدایت کی کہ وہ تمام متعلقہ فریقوں کیساتھ مل کر آئل ینگر کنٹریکٹرز کے جائز مسائل کے حل کے لیے اقدامات کرے۔ انہوں نیآئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو بھی ہدایت دی کہ وہ فریٹ کنٹریکٹس کی تقسیم سے متعلق اپنی تحریری پالیسی وزارت کو فراہم کریں تاکہ اگر کسی قسم کی امتیازی پالیسی موجود ہو تو اس کا تدارک کیا جا سکے۔ انہوں نیہدایت کی کہ اوگرا آئل ینگرز کی موثر ٹریکنگ کو یقینی بنائے اور اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ ڈیلرز کی گاڑیاں پرائمری ٹرانسپورٹیشن میں شامل نہ ہوں۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح ملک بھر میں ایندھن کی بلاتعطل فراہمی اور عوام کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نیکہا کہ تمام متعلقہ فریق قومی مفاد میں باہمی تعاون خصوصا موجودہ چیلنجنگ حالات میں کام کریں۔ انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ ان کے تمام جائز مسائل کو باہمی مشاورت کے ذریعے حل کیا جائے گا۔ او ٹی سی اے کے وفد نے وفاقی وزیر کے مثبت رویے کو سراہتے ہوئے کمیٹی کے قیام کا خیر مقدم کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ باہمی مذاکرات اور تعاون کے ذریعے تمام مسائل خوش اسلوبی سے حل کر لیے جائیں گے۔

(6)

دورہ کیا اور چھتر ندی سے آنے والے سیلابی ریلے سے متاثرہ آبادیوں میں نقصانات کا جائزہ لیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کی، ان کی مشکلات اور ضروریات سے آگاہی حاصل کی اور انہیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے متعلقہ ریونیو عملے کو ہدایت کی کہ متاثرہ علاقوں کا جامع سروے مکمل کر کے جانی و مالی نقصانات کی تفصیلی جائزہ لیا جائے گا تاکہ متاثرین کو حکومتی پالیسی کے مطابق بروقت ریلیف فراہم کیا جا سکے اسسٹنٹ کمشنر بشیر احمد نے کہا کہ حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ تصیر آباد کی خصوصی ہدایات پر سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پٹواری اور ریونیو عملہ فیلڈ میں موجود ہے اور نقصانات کا تخمینہ لگانے کا عمل جاری ہے تاکہ شفاف انداز میں متاثرین کا اندراج مکمل کیا جا سکے انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ سیلاب متاثرین کو درپیش مشکلات سے بخوبی آگاہ ہے اور ان کی داد رسی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انتظامیہ متاثرہ خاندانوں کو ریلیف کی فراہمی اور بحالی کے عمل کو یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے

(7)

مسافروں کو فیصل آباد سے ملت ایکسپریس میں اکاموڈیٹ کیا گیا، کراچی سے لاہور آنے والی شالیمار براستہ ساہیوال لاہور پہنچی، لاہور سرگودھا کے درمیان چلنے والی میانوالی ایکسپریس -147اپ-148/ڈاؤن کو براستہ وزیر آباد، لالہ موسیٰ چلایا گیا، لاہور فیصل آباد کے درمیان چلنے والی بدر ایکسپریس -111اپ-112/ڈاؤن اور غوری ایکسپریس - 113اپ - 114ڈاؤن کو منسوخ کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق لاہور، فیصل آباد کے درمیان چلنے والی بدر ایکسپریس اور غوری ایکسپریس کے مسافر اپنے قریبی ریزرویشن آفس یا لاہور ریزرویشن آفس سے اپنی ٹکٹ کا فل ری فنڈ حاصل کر سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں کراچی ایکسپریس مقررہ وقت سے 45 منٹ کی تاخیر سے روانہ ہوئی۔

(8)

چینی انجینئرز زیر ہونے والے خودکش حملہ کیس میں 49 ملزمان کی ضمانت منسوخی کی درخواست پر سماعت 20 اگست تک ملتوی کر دی گئی۔ پیر کو دو رکن جسٹس نعیم اختر نے استفسار کیا کہ کیا ملزمان ٹرائل کورٹ میں پیش ہو رہے ہیں؟ اور کیا ملزمان وکیل کی خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں؟ انہوں نے حکم دیا کہ آئندہ سماعت پر ملزمان وکیل کے ساتھ پیش ہوں، بصورت دیگر ضمانت منسوخ کر دی جائے گی۔ بعد ازاں عدالت نے کیس کی سماعت 20 اگست تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ پراسیکیوشن نے 49 ملزمان کی ضمانت منسوخی کے لیے سپریم کورٹ میں اپیل دائر رکھی ہے۔

(9)

راشد محمود لنٹر یال نے یکم جولائی 2025 سے 30 جون 2026 تک کے سالانہ آمدن ٹیکس گوشوارے 27 جولائی 2026 سے طلب کر لیے ہیں۔ پاکستان بھر کے قابل ٹیکس آمدن کے سالانہ ریٹرن 30 ستمبر 2026 تک جمع کرائے جا سکیں گے۔ انکم ٹیکس آرڈیننس (ترمیم شدہ) 2001 کے تحت جمع کرائے جانے والے گوشواروں کی تفصیلی جانچ پڑتال ایف بی آر کرنے کا مجاز ہے۔

(10)

2لاکھ 18ہزار 600 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 46ہزار 200 کیوسک اور اخراج 10ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد ایک لاکھ 19ہزار 500 کیوسک اور اخراج 1لاکھ 11ہزار 800 کیوسک رہا۔ جناح بیراج آمد 3لاکھ 19ہزار 500 کیوسک اور اخراج 3لاکھ 11 ہزار 200 کیوسک، چشمہ آمد 3لاکھ 38ہزار 300 کیوسک اور اخراج 3لاکھ 39ہزار 800 کیوسک، تونسہ آمد 3لاکھ 64ہزار 600 کیوسک اور اخراج 3لاکھ 45ہزار 800 کیوسک، گدو آمد 2لاکھ 82ہزار 700 کیوسک اور اخراج 2لاکھ 44ہزار 900 کیوسک، سکھر آمد ایک لاکھ 70ہزار 300 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 14ہزار 300 کیوسک، کوٹری آمد 46ہزار 600 کیوسک اور اخراج 4ہزار کیوسک، تریموں آمد ایک لاکھ 84ہزار 800 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 76ہزار 700 کیوسک، پنجند آمد ایک لاکھ 39 ہزار 900 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 25 ہزار 800 کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ آبی ذخائر میں تربیلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1402 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1531.11 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 4.513 ملین ایکڑ فٹ، منگلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1050 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1189.65 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 3.614 ملین ایکڑ فٹ چشمہ کا کم از کم آپریٹنگ لیول 638.15 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 644.00 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.112 ملین ایکڑ فٹ رہا۔ تربیلا، جناح اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد اور اخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے۔

(11)

کوئٹہ ریونیو کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ، انجمن تاجران کے صدر رحیم کاکڑ کے علاوہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے آفسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کی املاک سے متعلق مکمل ریکارڈ کا جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ کارپوریشن کے زیر انتظام تقریباً 90 کھوکے موجود ہیں، جن میں سے 42 کھوکے مالکان نے اپنے کرائے اور واجبات جمع کروانے شروع کر دیے ہیں جبکہ باقی کرایہ داروں کے ذمے 2021 سے اب تک کے بقایاجات بھی واجب الادا ہیں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ حکومت کی جانب سے متعین کردہ کرایہ ہر صورت باقاعدگی سے ادا کرنا ہوگا۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا کہ کرایہ داروں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے بقایاجات کی ادائیگی ایک ہی مرتبہ لینے کے بجائے قسطوں میں وصول کرنے کی گنجائش پیدا کی جا سکتی ہے، تاکہ وہ آسانی سے اپنے واجبات ادا کر سکیں۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ موجودہ معاہدے کے مطابق کرایے کی ادائیگی لازمی ہے اور معاہدے کی شق کے تحت سالانہ 10 فیصد کرایہ اضافہ بھی نافذ العمل رہے گا۔ کمشنر نے ہدایت جاری کی کہ تمام دکانداروں اور کھوکھے والوں کو ایک ہفتے کے اندر ایسا قابلِ عمل شیڈول مرتب کرنا ہوگا جس کے تحت نہ صرف ماہانہ کرایہ باقاعدگی سے جمع کرایا جائے بلکہ بقایاجات بھی قسطوں کے ذریعے ادا کیے جائیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مقررہ مدت کے اندر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ قوانین کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں یہ معاملہ بھی زیر بحث آیا کہ متعدد کھوکوں کے سامنے غیر قانونی تھڑے قائم کر کے کاروبار کیا جا رہا ہے، جبکہ بعض کھوکہ مالکان ان تھڑوں کو دوسروں کے حوالے کر کے کرایہ بھی وصول کرتے ہیں۔ کمشنر نے اس عمل کو قواعد وضوابط کے منافی قرار دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ایسے تمام غیر قانونی تھڑے ختم کرائے جائیں اور سرکاری املاک کا استعمال صرف مقررہ قواعد کے مطابق یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں کہا گیا کی میٹروپولیٹن کارپوریشن کی دکانوں اور کھوکوں کے کرایوں کی باقاعدہ وصولی، بقایاجات کی ادائیگی اور سرکاری املاک کے شفاف انتظام کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔

(12)

فائرنگ شروع کر دی دونوں جانب فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار جبکہ انکے دیگر ساتھی فرار ہو گئے زخمی ڈاکو ہسپتال منتقل کر دیے گئے پولیس کے مطابق زخمی ڈاکو جن کی شناخت جنید مغیری اور فیاض چھلگری کے ناموں سے کی گئی ہے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان سے پوچھ گچھ کے دوران اہم انکشافات ہوئے ہیں جن کی روشنی میں انکے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

(13)

ریمانڈ منظور کرتے ہوئے اسے 3 اگست کو دوبارہ عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیدیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے ملزم کو مزید سات روز کے لیے پولیس کے حوالے کر دیا۔ اس سے قبل پراسیکیوشن نے ملزم کے 15 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی تھی۔ سماعت کے دوران گرفتار ملزم سعد عباسی کو گزشتہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر عدالت میں پیش کیا گیا۔ پراسیکیوٹر راجہ نوید حسین کیانی نے عدالت کو بتایا کہ قتل میں استعمال ہونے والا پستول برآمد کر لیا گیا ہے، جسے ملزم نے واردات کے بعد چھپا دیا تھا۔ پراسیکیوٹر کے مطابق اب ملزم سے موبائل فون برآمد کرنا اور مزید تفتیش کرنا باقی ہے جس کے لیے مزید جسمانی ریمانڈ درکار ہے۔ دلائل مکمل ہونے کے بعد عدالت نے فیصلہ محفوظ کیا، جسے بعد ازاں سناتے ہوئے ملزم کا مزید 7 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔

(14)

کے درمیان تکرار شاپ کے مالک نے حملہ کر کے انکو زخمی کر دیا واقعے کی اطلاع پر میونسپل لمیٹی کا دیگر عملہ موقع پر پہنچ گیا اور ٹائر پنچر کے تمام سامان اٹھا کر میونسپل لمیٹی کے ہاں منتقل کر دیا گیا جس پر تاجر برادری نے مزدور چوک پر ٹائروں کو آگ لگا کر مین قومی شاہراہ بلاک کر دی جس سے سندھ بلوچستان قومی شاہراہ بند ہونے سے ٹریفک کی روانگی معطل ہو گئی اور چھوٹی بڑی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور دونوں فریقین کا موقف سنے کے بعد قانونی کاروائی کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کر دیا گیا۔

(15)

شرکا سے ایک خصوصی نشست میں کیا۔ یہ چھ ہفتوں پر مشتمل انٹرن شپ پروگرام دنیا کی ممتاز جامعات میں زیر تعلیم اور ورسیز پاکستانی طلبہ اور نوجوان محققین کو پاکستان کے سرکاری اداروں سے منسلک ہونے اور اپنی تعلیم، تحقیق اور بین الاقوامی تجربے کو قومی ترقی و خوشحالی کے لیے بروئے کار لانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے شرکا کا وزارت خزانہ میں خیر مقدم کرتے ہوئے اس پروگرام کو بیرون ملک مقیم پاکستانی نوجوانوں کی صلاحیتوں کو وطن سے جوڑنے کی ایک اہم کاوش قرار دیا۔ انہوں نے نوجوان سکالرز پر زور دیا کہ وہ پاکستان کے ساتھ اپنا تعلق مضبوط رکھیں اور اپنے علم، جدت اور عالمی تجربے کو ملک کی طویل المدتی معاشی ترقی میں مثبت کردار ادا کرنے کے لیے استعمال کریں۔ وزیر خزانہ نے پاکستان کی موجودہ معاشی صورتحال اور حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ڈھائی برسوں میں حکومت نے معاشی استحکام کے حصول کے لیے نمایاں پیش رفت کی ہے اور اب توجہ پائیدار اقتصادی ترقی پر مرکوز ہے جس کے لیے برآمدات میں اضافہ، سرمایہ کاری کا فروغ، مالیاتی نظم وضبط اور ساختی اصلاحات کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نجی شعبے کی قیادت میں اقتصادی ترقی کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا حکومت کی معاشی حکمت عملی کا بنیادی ستون ہے۔ وزیر خزانہ نے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں حالیہ بہتری اور عالمی مالیاتی منڈیوں کے ساتھ بڑھتے ہوئے روابط کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے پاکستان کی عالمی سرمایہ مارکیٹ میں کامیاب واپسی خصوصا پہلے پانڈا بانڈ کے اجرا کو ایک اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے بتایا کہ حکومت جدید مالیاتی ذرائع کے ذریعے سرمایہ کاری اور مالی وسائل کے نئے مواقع پیدا کرنے پر کام کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ پیش رفت پاکستان کی معاشی سمت اور اصلاحاتی پروگرام پر عالمی اعتماد کا واضح اظہار ہے۔ انہوں نے شرکا کو ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کے لیے حکومت کے اقدامات سے بھی آگاہ کیا اور بتایا کہ پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی)پی وی اے آر اے (کے قیام کا مقصد ڈیجیٹل اثاثوں کے لیے جدید اور موثر ضابطہ جاتی نظام قائم کرنا ہے جو ذمہ دارانہ جدت، موثر نگرانی اور ڈیجیٹل مالیاتی شعبے میں ابھرتے ہوئے مواقع سے بھرپور استفادہ ممکن بنائے گا۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کاروباری ماحول کو بہتر بنانے کے لیے حکومت کی پالیسیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکس نظام میں اصلاحات، سستی مالی سہولیات، مسابقتی توانائی نرخ اور برآمدات کی مسابقت بڑھانے کے اقدامات کے ذریعے کاروبار کی لاگت میں کمی لائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیداواری صلاحیت، اختراع اور برآمدات میں تنوع ہی پاکستان کی مسابقت بڑھانے اور پائیدار اقتصادی ترقی کو یقینی بنانے کی بنیاد ہیں۔ نشست کے اختتام پر سوال وجواب کے سیشن میں شرکا نے معاشی اصلاحات، برآمدات کے فروغ، موسمیاتی مالیات اور سرمایہ کاری کے مواقع سمیت مختلف موضوعات پر وزیر خزانہ سے تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خزانہ نے نوجوان سکالرز پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیم، تحقیق اور بین الاقوامی تجربے کو پاکستان کی معاشی تبدیلی میں موثر انداز سے بروئے کار لائیں اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت نوجوان پیشہ ور افراد کو قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کے لیے مزید مواقع فراہم کرتی رہے گی۔

(16)

کا کنل بھی شروع کر دیا گیا ہے جبکہ سول ایوی ایشن سے متعلق ابتدائی ورکنگ اور لیز پر طیاروں کے حصول کے حوالے سے ابتدائی منصوبہ بندی مکمل کر لی گئی ہے۔ نجی ٹرانسپورٹ کمپنی کے سی ای او اعظم خان نیازی کے مطابق ملکی اور بین الاقوامی پروازیں شروع کرنے کا منصوبہ ہے جس کے لیے ایسا آپریشنل ماڈل تیار کیا جا رہا ہے کہ طیارے مختصر دورانیے کی پروازیں مکمل کر کے ایک ہی روز واپس آ سکیں تاکہ آپریشنل اخراجات کو موثر انداز میں کنٹرول کیا جا سکے اور مسافروں کو مناسب کرایوں پر سفری سہولت فراہم کی جا سکے۔ اعظم خان نیازی کے مطابق کمپنی مرحلہ وار اپنے فضائی آپریشن کو وسعت دے گی اور کم کرایوں کے ذریعے عوام کو معیاری سفری سہولت فراہم کرنا اس کی اولین ترجیح ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ مجوزہ منصوبے پر تفصیلی فنانشل اور آپریشنل ورکنگ مکمل کر لی گئی ہے، جس کی بنیاد پر ایئر لائن کے کامیاب آغاز کے لیے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جا چکا ہے۔ ایئر لائن کا نام، باقاعدہ آغاز، اور پروازوں کے شیڈول سے متعلق حتمی اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا۔

(17)

اور اسکے ساتھی جان بحق جبکہ دوسرے فریق سے ملک کریم کبزئی جان بحق ہو گیا اور لالائی پولیس نیموقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے جاں بحق افراد کی لاشیں ہیچنگ ہسپتال اور لالائی منتقل کر دی گئی

(18)

تمبو جانے والی بجلی کے 33 ہزار کے وی کھمبے کو نامعلوم دہشت گردوں نے بارودی سرنگ کے دھماکے سے تباہ کر دیا گیا جس سے خانگوٹ میرواہ سمیت دیگر علاقے تاریکی میں ڈوب گئے واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور پورے علاقے کی ناکہ بندی کر دی گئی جبکہ کیسکو کی ٹیم بھی پہنچ کر مرمت کام شروع کر دیا گیا پولیس نے واقعے کا مقدمہ نامعلوم دہشت گردوں کے خلاف درج کر لیا۔

(19)

مقامی رہائشیوں کی شدید تکالیف اور مشکلات کو کم کیا جا سکے۔ صورتحال کی حساسیت پر زور دیتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ عوام کی مشکلات کو کم کرنے کے لیے فوری اور موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ انشاءاللہ گلگت سکردو روڈ کی مکمل بحالی اور آمدورفت کی بحالی کا کام جلد از جلد مکمل کر لیا جائے گا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے سخت موسمی اور ماحولیاتی حالات کے باوجود شب و روز کام کرنے والے سیفٹی ہائی وے اتھارٹی اور فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن کے فیلڈ عملے کی لگن اور کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر ایک اعلیٰ سطحی سرکاری وفد بھی وفاقی وزیر کے ہمراہ تھا، جس میں چیئرمین این ایچ اے، سیکرٹری مواصلات، چیف سیکرٹری گلگت بلتستان اور کمشنر گلگت شامل تھے۔

(20)

کاروباری افراد، محققین اور اداروں کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے، یہ اس بات کا مظہر ہے کہ بلوچستان کی مصنوعات دنیا کے بہترین برانڈز کا کامیابی سے مقابلہ کر سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل بین الاقوامی پذیرائی اس بات کو ثابت کرتی ہے کہ بلوچستان میں وہ سازگار آب و ہوا، زرخیز اراضی اور قدرتی وسائل موجود ہیں جو اسے اعلیٰ معیار کی اور برآمدی نوعیت کی زراعت کے لیے پاکستان کا مرکزی مرکز (hub) بنانے کے لیے درکار ہیں۔ سردار شوکت پوپل زئی نے وفاقی، صوبائی حکومتوں متعلقہ اداروں، وزارت قومی تحفظ خوراک و تحقیق، پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل (PARC)، ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP)، سمیڈا (SMEDA)، مالیاتی اداروں اور محکمہ زراعت بلوچستان پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ موزوں اضلاع میں زیتون کی کاشت کو فروغ جدید آبپاشی اور کٹائی کا نظام کو متعارف تحقیق اور ترقی پروسیسنگ اور بوتلنگ کی سہولیات فراہم برآمدات کو فروغ اور کسانوں کو تربیت فراہم کی جائے۔

(21)

بغیر سوچے سمجھے بیانات دے رہے ہیں۔ یہاں جاری بیان میں انجینئر امیر مقام نے کہا کہ یہ بات مضحکہ خیز ہے کہ پی پی پی نے ووٹوں کی گنتی سے پہلے ہی مسلم لیگ (ن) پر الزامات لگانا شروع کر دیئے ہیں۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ فتح پور تھکیالہ میں ہلاکت کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے، آج کے واقعہ میں مسلم لیگ (ن) کا کارکن بھی زخمی ہوا ہے، انتخابی مہم کے دوران فتح پور تھکیالہ میں فائرنگ سے ہمارے ایک اہم رہنما ملک عاشق حسین بھی جاں بحق ہو گئے تھے۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ ہمیں الزام تراشی کے کھیل سے گریز کرنا چاہئے، مسلم لیگ (ن) کے پاس بہترین اور محنتی ٹیم موجود ہے، اس مرحلے پر الزام تراشی کا سلسلہ انتہائی افسوسناک ہے جبکہ ابھی ووٹوں کی گنتی ہونا باقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی مہم کے دوران قائد میاں محمد نواز شریف، میں نے ذاتی طور پر اور دیگر رہنماں نے مسلم لیگ (ن) کے گزشتہ ترقیاتی کاموں اور مستقبل کے منصوبوں کو عوام کے سامنے پیش کیا، یہ افسوسناک ہے کہ تمام تر حکومتی وسائل کے باوجود پی پی پی نے گنتی سے قبل ہی الزام تراشی کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔

(22)

بیان میں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کو رائے شماری کا حق دیا ہے، سندھ کے عوام گزشتہ کئی برس سے اپنا اعتماد پیپلز پارٹی پر رکھے ہوئے ہیں، عوام کو معلوم ہے کہ حقوق کی حفاظت صرف پیپلز پارٹی نے کی ہے۔

(23)

منیجر آفتاب احمد منگی، سعید اللہ، اسسٹنٹ لیب ٹیکنیشن عبداللہ سولنگی اور ڈرائیور محی الدین کو گاڑی سمیت اغواء کر لیا اور نامعلوم مقام کی طرف فرار ہو گئے واقعہ کے بعد پولیس اور سیکورٹی فورسز نے مغویوں کی تلاش شروع کر دی۔ پروجیکٹ کے ملازمین کے اغواء کے بعد کمپنی نے سیکورٹی خدشات کے بعد پروجیکٹ پر کام بند کر دیا ہے۔

(24)

اسٹیبلشمنٹ ڈویژن اور چیف ایگزیکٹو آفیسر نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ بھی شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران کمیٹی نیوفاقی وزیر کو این آئی ٹی بی کے امور و کارکردگی، ادارے کی استعدادِ کار میں اضافے، نظام کو مزید موثر بنانے اور آپریشنل امور کو بہتر انداز میں منظم کرنے کے لیے وزیر اعظم کی جانب سے جاری کی گئی 27 ہدایات پر عملدرآمد کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں این آئی ٹی بی کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، ادارہ جاتی معاملات کو موثر انداز میں منظم کرنے اور وزیر اعظم کی ہدایات پر بروقت اور موثر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے مختلف اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی آئندہ چند روز میں دوبارہ اجلاس منعقد کرے گی جس میں ہدایات پر عملدرآمد کی پیش رفت کا مزید جائزہ لیا جائے گا اور آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا۔

(25)

ملاقات کی اور ان کی عبادت گاہ سمیت مختلف مقامات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہندو برادری کی

پاکستان کی سعودی عرب پر ڈرون حملوں کی شدید مذمت، مکمل یکجہتی کا اظہار

پاکستان کا سعودی عرب کی کی خودمختاری، علاقائی سالمیت، امن اور خوشحالی کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے سعودی عرب پر ڈرون حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ پاکستان نے سعودی عرب پر ڈرون حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ حملے خطے کے امن واستحکام کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے پر کیے گئے ڈرون حملوں کی بھرپور مذمت کرتا ہے، اس نوعیت کی اشتعال انگیز کارروائیاں پورے خطے کے امن، سلامتی اور استحکام کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔

وزیرخزانہ کی زیرصدارت رسائی برائے مالیات سٹیئرنگ کمیٹی کا پہلا اجلاس، ایلیسیس ٹو فنانس پلان پر تیز رفتار عملدرآمد کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے وزیراعظم کے ایلیسیس ٹو فنانس پلان 2028-2026 پر تیز رفتار عملدرآمد کے لیے قائم رسائی برائے مالیات سٹیئرنگ کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کی۔

میرپور نکیال میں میرا کارکن شہید ہوگیا، متعلقہ حکام کہاں ہیں؟ بلاول بھٹو زرداری

شہید جیالا مختار یونس نکیال میں اپنے امیدوار جاوید بڈھانوی کے ساتھ مل کر موثر انتخابی مہم چلا رہا تھا، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ایل اے 9 کوٹلی 2 نکیال میں جیالے مختار یونس کی شہادت پر لواحقین سے اظہار افسوس کرتے ہوئے سوال کیا ہے کہ میرپور نکیال میں میرا کارکن شہید ہوگیا، متعلقہ حکام کہاں ہیں؟ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ مسلم لیگ ن کے امیدوار سردار عمیر نعیم کی جانب سے فائرنگ کرکے میرے کارکن مختار یونس کو شہید کیا گیا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ میرپور نکیال میں میرا کارکن شہید ہوگیا، متعلقہ حکام کہاں ہیں؟ ایکشن کمیشن کیا کر رہا ہے؟ دو روز قبل بھی مسلم لیگ (ن) نکیال کے رہنما سردار عمیر نعیم کی ساتھیوں سمیت کھلے عام فائرنگ کرنے کی ویڈیو منظر عام پر آئی تھی۔ پی پی پی چیئرمین نے (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر مصدق ملک کی زیرصدارت نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ سے متعلق جاری ہدایات کا جائزہ لینے، آڈٹ کیلئے قائم کمیٹی کا اجلاس

کمیٹی کا آئندہ چند روز میں دوبارہ اجلاس منعقد کرکے ہدایات پر عملدرآمد کی پیشرفت کا مزید جائزہ لینے، آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نیوز یزاعظم کی ہدایات پر نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (این آئی ٹی بی) سے متعلق جاری ہدایات کا جائزہ لینے اور ان کے آڈٹ کے لیے قائم کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کی۔ پیر کو وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ، سیکرٹری (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

خضدار کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد نے 4 افراد کو گاڑی سمیت اغواء کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) خضدار کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد نے 4 افراد کو گاڑی سمیت اغواء کرلیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق پیر کو خضدار کے علاقے سے نامعلوم افراد نے ایمرجنسی فلڈ اسسٹنس پروجیکٹ پر کام کرنے والے نجی کنٹریکٹرز کمپنی کے پروجیکٹ (بقیہ 2 3 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، مشیر کھیل بلوچستان مینا مجید محکمہ کھیل کے امور اور وزیراعلیٰ فٹ بال گولڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

میرپور ڈویژن کے انتخابات ملتوی ہونے کی تردید، الیکشن کمیشن نے بھی وضاحت جاری کر دی

جھوٹا پروپیگنڈہ کیا جارہا ہے، الیکشن کمیشن کے سرکاری سوشل میڈیا صفحات اور دیگر آفیشل پلیٹ فارمز کو فالو کیا جائے، ترجمان

میرپور (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن نے میرپور ڈویژن میں بلدیاتی انتخابات ملتوی ہونے سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں کو مکمل طور پر بے بنیاد اور جعلی قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ میرپور، کوٹلی اور بھمبر میں پولنگ مقررہ شیڈول کے مطابق ہی ہوگی۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق سوشل میڈیا پر ایک مبینہ پریس ریلیز وائرل کی جارہی ہے جس میں انتخابات ملتوی ہونے کا دعویٰ کیا گیا تاہم الیکشن کمیشن نے ایسی کوئی پریس ریلیز جاری نہیں کی۔

لورالائی اولیوز (Olives Loralai) کا حاصل کردہ چوتھا بین الاقوامی ایوارڈ محض ایک تجارتی کامیابی نہیں

یہ بلوچستان کی زراعت کے وسیع امکانات اور ہمارے کسانوں، کاروباری افراد، محققین اور اداروں کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اکنامک فورم کے صدر سردار شوکت پوپلزئی نے لورالائی زیتون کے دبئی میں ہونے والے اولیو آئل مقابلے میں گولڈ میڈل حاصل کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے دبئی گولڈ میڈل کو بلوچستان اور پاکستان میں زرعی شعبے میں سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ لورالائی اولیوز (Olives Loralai) کا حاصل کردہ چوتھا بین الاقوامی ایوارڈ محض ایک تجارتی کامیابی نہیں بلکہ یہ بلوچستان کی زراعت کے وسیع امکانات اور ہمارے کسانوں، (بقیہ 2 0 صفحہ 3 پر)

مقبوضہ جموں وکشمیر میں 1017 سیلاب زدہ مقامات کی نشاندہی

654 گاؤں غیر محفوظ قرار دیے گئے ہیں جہاں تقریباً 7.22 لاکھ افراد خطرے سے دوچار ہے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں سرکاری اعداد وشمار سے ایسے 1,017 مقامات کی نشاندہی ہوئی ہے جہاں سیلاب آنے کا سب سے زیادہ خطرہ ہے۔

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان تکمانہ امور کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایران کیخلاف بڑے حملے ممکن مگر اسلحہ ذخائر میں کمی ہوگی، امریکی جنرل

صدر ٹرمپ نے ایران کیخلاف جنگ میں امریکی اسلحہ ختم ہونے کی خبروں کو مسترد کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین جنرل ڈین کین نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنا ممکن ہے، لیکن اس سے امریکی فوج کے پاس موجود میزائلوں کے ذخائر خطرناک حد تک کم ہو جائیں گے۔ جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین جنرل ڈین کین نے نجی طور پر خبردار (بقیہ 2 6 صفحہ 3 پر)

بھارتی وزیرتعلیم کی برطرفی آر ایس ایس کے ہندوتوا تعلیمی ایجنڈے کیلئے بڑا دھچکا

مودی حکومت میں دھرمیندر پردھان آر ایس ایس کے وسیع تر ہندوتوا تعلیمی منصوبے کا اہم کردار بن چکے تھے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں انتہا پسند مودی حکومت تعلیم سمیت عوامی زندگی کے تمام شعبوں کو ہندوتوا نظریے کے تحت ڈھالنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی نوجوانوں کی ذہن سازی کے لئے آر ایس ایس کو وزیرِ تعلیم کے استعفے سے بڑی پسپائی کا سامنا کرنا پڑا۔ بھارتی جریدے ''دی وائر'' نے آر ایس ایس کے مذموم ایجنڈے (بقیہ 4 6 صفحہ 3 پر)

میٹروپولیٹین کارپوریشن کی دکانوں، کھوکوں کے کرائے باقاعدگی سے وصول کیے جائیں، کمشنر کوئٹہ

بقایاجات قسطوں میں ادا کرنے کی سہولت دی جاسکتی ہے، حکام کو ایک ہفتے میں قابل عمل شیڈول مرتب کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیرصدارت میونسپل کارپوریشن کے زیر انتظام دکانوں اور کھوکوں کے کرایوں، بقایاجات اور دیگر متعلقہ مسائل کے حل کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ، اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ ریونیو کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ، انجمن تاجران کے صدر رحیم کاکڑ کے علاوہ میٹروپولیٹین کارپوریشن کے آفسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں میٹروپولیٹین کارپوریشن کی املاک سے متعلق مکمل ریکارڈ کا جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ کارپوریشن کے زیر انتظام تقریباً 90 کھوکے موجود ہیں، جن میں سے 42 کھوکے مالکان نے اپنے کرائے اور واجبات جمع کروانے شروع کر (بقیہ 4 7 صفحہ 3 پر)

کالعدم بی ایل اے نے کوریئر کمپنی کا منی ٹرک 2 افراد سمیت اغوا کرلیا، ڈھائی کروڑ تاوان طلب

اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹی ذرائع نے بتایا ہے کہ 24 جولائی کو کالعدم بی ایل اے کے مسلح افراد نے کھڈ کوچہ کے علاقے سے ایک کوریئر کمپنی کا منی ٹرک 2 افراد سمیت اغوا کرلیا۔ ذرائع کے مطابق 26 جولائی کو مغویوں کو قتل کرنے کی دھمکی دیتے ہوئے کوریئر کمپنی سے ڈھائی کروڑ روپے تاوان طلب کیا گیا۔

پاک وطن پارٹی کے چیئرمین سابق تحصیل چیئرمین بختیار آباد میر سیف اللہ خان ڈومکی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے زخمی ہوگئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) پاک وطن پارٹی کے چیئرمین سابق تحصیل چیئرمین بختیار آباد میر سیف اللہ خان ڈومکی نامعلوم مسلح افراد کا حملہ شدید فائرنگ سے زخمی ہوگئے پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے زخمی ہوگئے ملزمان فرار میر سیف اللہ خان ڈومکی کو سی ایم ایچ سبی منتقل کر دیا گیا

ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی سے جے یو آئی وڈھ کے رہنما عبدالواحد مینگل اور حافظ بلال احمد مردوئی ملاقات کر رہے ہیں

ایران کے کسی بھی براہ راست یا بالواسطہ حملے کا سخت جواب دیں گے، نیتن یاہو

جنگ ایرانی نظام کے خاتمے یا تہران کی طرف سے خطے میں اپنے اقدامات کی قیمت ادا کرنے پر ختم ہوگی، انٹرویو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے خبردار کیا ہے کہ اسرائیل پر کوئی بھی ایرانی حملہ، خواہ وہ براہِ راست ہو یا پراکسیز کے ذریعے، اس کا جواب شدید ردِعمل سے دیا جائے گا اور انہوں نے اس طرح کے قدم کو تہران کی طرف سے ہونے والی ایک بہت بڑی غلطی قرار دے دیا۔ نیتن یاہو نے ایک انٹرویو میں کہا کہ اگر ایران نے براہِ راست یا بالواسطہ طور پر اسرائیل پر فائرنگ کی تو اسرائیل پوری طاقت سے جواب دے گا۔

استاد محمد، ایس ایس پی حافظ معاذ الرحمن کھلی کچہری میں لوگوں کے سوالات کے جوابات دے رہے ہیں

ریاض میں جدید عمرانی ورثے کے 180 مقامات کا شمار اور ریکارڈ میں اندراج

منصوبہ 1950 سے 2000 کے درمیان تعمیر کی گئی عمارتوں کی دستاویز سازی پر مبنی ہے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی دارالحکومت میں بیسویں صدی کے دوران آنے والی تعمیری تبدیلیوں کے نقوش کو بحال کرنے کے ایک اقدام کے تحت ہیریٹیج اتھارٹی نے ریاض شہر میں جدید عمرانی ورثے کے 180 مقامات کے شمار اور ان کی دستاویز سازی کا انکشاف کیا ہے۔ ان میں ایسی عمارتیں اور تنصیبات شامل ہیں جنہوں نے شہر کی شناخت کی تشکیل کی اور اس کے ارتقائی سفر میں حصہ ڈالا ہے۔

بھارت پروپیگنڈے سے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ قانونی حقائق مسخ نہیں کرسکتا، خواجہ آصف

مقبوضہ کشمیر عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازعہ علاقہ ہے، مستقبل کا فیصلہ سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہوناہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کشمیر سے متعلق گمراہ کن اور جھوٹے بھارتی بیانیے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت پروپیگنڈے سے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ قانونی حقائق مسخ نہیں کرسکتا۔ جاری بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان بھارتی وزیر دفاع کے غیر ذمہ دارانہ بیانات کو دوٹوک انداز میں مسترد کرتا ہے، ایسے بیانات حقائق کو پروپیگنڈے (بقیہ 3 5 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر الیکشن، کوٹلی میں 2 پریزائیڈنگ افسران معطل، گرفتار کرلیا گیا

ان کی جگہ نئے پریزائیڈنگ افسران تعینات کرکے، انہیں پولنگ سٹیشنز کی جانب روانہ کر دیا گیا ہے، ترجمان

کوٹلی (این این آئی) آزاد کشمیر انتخابات کے پہلے فیز میں الیکشن کمیشن آزاد کشمیر نے مبینہ دھاندلی کے الزامات سامنے آنے پر 2 پریزائیڈنگ افسران کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے انہیں معطل کر دیا۔ ترجمان الیکشن کمیشن آزاد کشمیر کے مطابق 2 پریزائیڈنگ افسران پولنگ سٹیشن (بقیہ 4 3 صفحہ 3 پر)

گنداواہ میں امن وامان کا قیام ہماری اولین ذمہ داری ہے، ایف سی 151 ونگ جھل مگسی کے کمانڈر کرنل عاصم خان

جھل مگسی (این این آئی) ایف سی 151 ونگ جھل مگسی کے کمانڈر کرنل عاصم خان نے گنداواہ کی ہندو کمیٹی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہندو برادری کے نمائندوں سے (بقیہ 2 5 صفحہ 3 پر)

حکمران جماعتیں عوام کا اعتماد کھو چکی ہیں، پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف نے آزاد جموں وکشمیر کے انتخابات پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کا اس انتخابی عمل پر اعتماد تقریباً ختم ہو چکا ہے، پولنگ اسٹیشنز پر ووٹرز کی تعداد نہ ہونے کے برابر رہی، حکمران جماعتیں عوام کا اعتماد کھو چکی ہیں۔

بھارت، مغربی بنگال میں امتحانی سکینڈل کے خلاف احتجاج پر 10 مسلمان گرفتار

گرفتار ہونے والوں میں اندل سے حراست میں لیا گیا میڈیا بروز کار رہائشی محمد افروز بھی شامل ہے

کولکتہ (این این آئی) بی جے پی کے زیر اقتدار ریاست مغربی بنگال میں حکومت نے کولکتہ میں امتحانی اسکینڈل کے خلاف جمعہ کے احتجاج کے دوران جھڑپوں کے (بقیہ 4 8 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے گولف ایسوسی ایشن کے سیکرٹری کیپٹن ر سید اصغر علی شاہ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

صدر مملکت کا وائرل ہیپاٹائٹس کے خاتمے، ہر پاکستانی کی صحت، فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ

بروقت تشخیص، بروقت علاج، اجتماعی عزم اور مسلسل عملی اقدامات کے ذریعے بیماری کی روک تھام، علاج ممکن ہے، آصف علی زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وائرل ہیپاٹائٹس کے خاتمے، ہر پاکستانی کی صحت، فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت تشخیص، بروقت علاج، اجتماعی عزم اور مسلسل عملی اقدامات کے ذریعے بیماری کی روک تھام، علاج ممکن ہے۔ عالمی یوم ہیپاٹائٹس پر جاری بیان میں جاری بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ یہ دن یاد دلاتا ہے کہ اگرچہ ہیپاٹائٹس ہمارے ملک کو درپیش سنگین عوامی صحت کے مسائل میں سے ایک ہے۔

بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کردی

ہے حکام بالا نوٹس لیں، جمعیت علماء اسلام ضلع چاغی

دالبندین (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے ضلعی ترجمان حافظ علی محمد بڑیچ نے اپنی جاری کردہ بیان میں کہا کہ دالبندین میں 48 سے 50 ڈگری کی ناقابل برداشت گرمی میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا مسلسل عذاب عوام پر مسلط کردیا گیا ہے۔

وفاقی وزیرخزانہ کی زیرصدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس

برآمدات کے فروغ کیلئے اہم اقدامات اور مختلف شعبوں سے متعلق پالیسی فیصلوں کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیرِ صدارت پیر کو وزارتِ خزانہ میں کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کا اجلاس منعقد ہوا۔ ای سی سی نے وزارتِ خزانہ کی جانب سے پیش کی گئی سمری پر غور کرتے ہوئے برآمدات میں اضافے کے لئے تین خصوصی ایکسپورٹ فنانس سبسڈی سکیموں کی منظوری دے دی۔ ان میں ایگزم بینک کے تحت ایکسپورٹ فنانس سکیم میں توسیع، نئی لانگ ٹرم ایکسپورٹ گروتھ (بقیہ 1 3 صفحہ 3 پر)

شہدا ہمارا فخر، قومی وقار کی علامت، قوم عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرسکتی، محسن نقوی

قوم اپنے شہدا کے ساتھ ساتھ ان کے اہلخانہ کی قربانیوں کو بھی عظمت کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور انہیں سلام پیش کرتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے نشانِ حیدر کے پہلے عظیم سپوت کیپٹن محمد سرور شہید کو ان کے یومِ شہادت پر شاندار الفاظ میں خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے اپنے پیغام میں کہا کہ کیپٹن محمد سرور شہید نے وطنِ عزیز کے دفاع کے لئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے ایک لازوال تاریخ رقم کی ہے اور نئی نسل کے لئے ایک عظیم مثال قائم کی ہے۔ ان کی جرت، بہادری اور قربانی ہمیشہ قوم کے لئے مشعلِ راہ رہے گی جبکہ ان کا یہ جذبہ تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف سے یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان (بقیہ 4 3 صفحہ 3 پر)

سی جے پی، طلباء رہنما محمد علی جوہر یونیورسٹی کے مجوزہ انہدام کے خلاف آواز اٹھائیں، رانا ایوب

یوپی انتظامیہ نے تعمیرات میں مبینہ خلاف ورزیوں کا حوالہ دیتے ہوئے کیمپس کی 38 عمارتوں کو منہدم کرنے کے نوٹس جاری کردیئے

نئی دہلی (این این آئی) سینئر بھارتی صحافی رانا ایوب نے کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی)، طلباء رہنماؤں اور جن زی کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اتر پردیش میں مولانا محمد علی جوہر یونیورسٹی کے مجوزہ انہدام کے خلاف اپنی آواز بلند کریں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق رانا ایوب نے ایکس پر ایک پوسٹ میں سوال اٹھایا کہ کیا حال ہی میں طلباء کے مسائل پر متحرک ہونے والی تحریک اس بات کو بھی یقینی بنا سکتی ہے کہ اتر پردیش انتظامیہ یونیورسٹی کو منہدم نہ کرے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے چیرمین پبلک سروس کمیشن کیلاش ناتھ کوہلی ملاقات کر رہے ہیں

سعودی عرب میں سمندری آلودگی کی نگرانی کے لیے سمارٹ بوائیز کا منصوبہ مکمل

پانی پر تیرنے والے آلات پر سے کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کی نشاندہی کی صلاحیتیں بہتر ہوں گی، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں ماحول سے متعلق تعمیل کی نگرانی کے قومی مرکز نے بحیرہ احمر اور خلیج فارس کے ساحلوں کے 3500 کلومیٹر کے طول پر سمندری اور ساحلی آلودگی کی نگرانی کے سمارٹ بوائیز منصوبے کی تکمیل کا بتایا ہے۔ یہ بوائیز (پانی پر تیرنے والے آلات) خود ہر گھنٹے مملکت کے ساحلوں میں سمندری ماحولیاتی اشاریوں کی صورتحال کے تجزیات پر مشتمل پیغامات بھیجتے ہیں۔

محسن نقوی کی حافظ نعیم الرحمان سے ملاقات، ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال

فیلڈ مارشل کی مسلسل کاوشوں کے باعث خطے میں کشیدگی میں دوبارہ کمی آئی ہے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے منصورہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان سے ملاقات کی جس میں جماعت اسلامی پاکستان کے قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی وسکیورٹی صورتحال، علاقائی امور اور عوام کو درپیش مسائل کے حل سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

ایران روس کو ہتھیار فراہم کرکے یوکرین کیخلاف جنگ میں شامل ہو چکا، یوکرینی صدر زیلنسکی

ایران پہلے ہی روس کو ہتھیار فراہم کرکے ہم پر حملہ کر چکا ہے، ہمیں محتاط رہنا ہوگا

کیف (این این آئی) یوکرینی صدر وولودیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ ایران پہلے ہی روس کو ہتھیار فراہم کرکے یوکرین کے خلاف جنگ میں شامل ہو چکا ہے، ممکنہ نئے خطرات کے حوالے سے محتاط رہنا ضروری ہے۔ برطانوی ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو کے دوران زیلنسکی سے سوال پوچھا گیا کہ کیا انہیں اس بات کا خدشہ ہے کہ ایران اپنے جہاز سے متعلق حالیہ واقعے کے بعد یوکرین پر براہِ راست حملہ کرسکتا ہے؟ اس کے جواب میں یوکرینی صدر نے کہا کہ ایران پہلے ہی روس کو ہتھیار فراہم کرکے ہم پر حملہ کر چکا ہے۔

قبل از وقت دھاندلی کا شور مچانا پیپلز پارٹی کی پرانی روایت ہے، بیرسٹر دانیال چوہدری

پیپلز پارٹی رہنماؤں کی جانب سے حکومتی کارکردگی، گرین بس منصوبے، گندم، مون سون بارشوں اور دیگر معاملات پر لگائے گئے الزامات بے بنیاد اور سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے سوا کچھ نہیں، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں ندیم افضل چن اور سعید غنی کی مشترکہ پریس کانفرنس کو حقائق کے منافی، بے بنیاد الزامات اور سیاسی مایوسی کا مظہر قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں دانیال چوہدری نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت عوامی خدمت، ترقیاتی منصوبوں اور معاشی استحکام پر یقین رکھتی ہے، ندیم افضل چن کی جانب سے حکومتی کارکردگی، گرین بس منصوبے، گندم، مون سون بارشوں اور دیگر معاملات پر لگائے گئے الزامات بے بنیاد اور سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے سوا کچھ نہیں۔ بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ پیپلز پارٹی اپنی سیاسی ناکامیوں کا ملبہ دوسروں پر ڈالنے کے بجائے اپنی کارکردگی کا جائزہ لے۔ انہوں نے سعید غنی کی جانب سے مسلم لیگ (ن) کے امیدوار پر فائرنگ کے الزام کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ کارکن مختار پولس کے جاں (بقیہ 4 5 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب میں سمندری آلودگی کی نگرانی کے لیے سمارٹ بوائیز کا منصوبہ مکمل

بوائیز 24 گھنٹے لمحہ بہ لمحہ ماحولیاتی ڈیٹا جمع کرنے کے لیے مرکزی مانیٹرنگ سٹیشنز کے طور پر کام کرتے ہیں، عامر بامنیف

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں سمندری آلودگی کی نگرانی کے لیے سمارٹ بوائیز کا منصوبہ مکمل کرلیا گیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق سعودی عرب میں ماحول سے متعلق تعمیل کی نگرانی کے قومی مرکز نے بحیرہ احمر اور خلیج فارس کے ساحلوں کے 3500 کلومیٹر کے طول پر سمندری اور ساحلی آلودگی کی نگرانی کے سمارٹ بوائیز منصوبے کی تکمیل کا بتایا ہے۔

کیپٹن محمد سرور شہید کا 78 واں یوم شہادت، مزار پر پاک فوج کے دستے کی سلامی

کئی اعلیٰ افسران کی حاضری، فاتحہ خوانی، پھول چڑھانے صدر زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور مسلح افواج کا خراج عقیدت

اسلام آباد/ گوجر خان (این این آئی) پاکستان کی مسلح افواج کی جانب سے پہلا نشانِ حیدر حاصل کرنے والے کیپٹن محمد سرور شہید کا 78 واں یوم شہادت منایا گیا۔ اس موقع پر فوج کے ایک دستے نے ان کے مزار پر سلامی دی، کئی اعلیٰ افسران نے حاضری دی، پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور پاکستان کی مسلح افواج کے (بقیہ 3 3 صفحہ 3 پر)

آنگن واڑی کارکنوں کا کم اجرت اور ہراساں کیے جانے کے خلاف احتجاج کا اعلان

آنگن واڑی ورکرز کو 2010 سے صرف 600 روپے مل رہے ہیں اور گزشتہ 16 سال سے اس میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں دیہی بچوں کی دیکھ بھال اور غذائیت کے کارکنوں نے جنہیں آنگن واڑی کارکنوں کے نام سے جانا جاتا ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف گورنرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے جرمین پبلک سروس کمیشن کیلاش ناتھ کوہلی ملاقات کر رہے ہیں

سعودی عرب میں سمندری آلودگی کی نگرانی کے لیے سمارٹ بوائیز کا منصوبہ مکمل

کیپٹن محمد سرور شہید کا 78 واں یوم شہادت، مزار پر پاک فوج کے دستے کی سلامی

آنگن واڑی کارکنوں کا کم اجرت اور ہراساں کیے جانے کے خلاف احتجاج کا اعلان

شہری احتیاطی تدابیر اختیار کریں، بروقت ہیپاٹائٹس کا ٹیسٹ کرائیں، یوسف رضا گیلانی

عوامی آگاہی، بروقت تشخیص اور موثر علاج ہی صحت مند اور ہیپاٹائٹس سے پاک معاشرے کی ضمانت ہیں، سید یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ عوامی آگاہی، بروقت تشخیص اور مؤثر علاج ہی صحت مند اور ہیپاٹائٹس سے پاک معاشرے کی ضمانت ہیں، پوری قوم ہیپاٹائٹس کے خاتمے کے لئے متحد ہو کر کردار ادا کرے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق عالمی یوم ہیپاٹائٹس 2026ء کے موقع پر اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ہیپاٹائٹس سے متعلق آگاہی، تشخیص اور علاج تک رسائی میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہیپاٹائٹس ایک خاموش مگر قابلِ تدارک مرض ہے جس کے مکمل خاتمے کے لئے حکومت، طبی ماہرین، سول سوسائٹی اور عوام کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی تاکہ 2030 تک اسے صحتِ عامہ (بقیہ 2 4 صفحہ 3 پر)

انجینئر امیر مقام نے پیپلز پارٹی کی جانب سے مسلم لیگ (ن) پر دھاندلی کا الزام مسترد کردیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امورِ کشمیر وگلگت بلتستان اور صدر مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے پی پی پی کی جانب سے مسلم لیگ ن پر دھاندلی کا الزام مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں وزیراعظم، حکومت اور پوری انتظامیہ پی پی پی کے پاس ہے، پی پی پی کی قیادت اور وزرا (بقیہ 2 1 صفحہ 3 پر)

اسرائیلی فوج کا انروا کے دفتر پر دھاوا، عملے کو حراست میں لے لیا

متحدہ عرب امارات کی اسرائیلی آبادکاروں اور قابض افواج کی کارروائیوں کی شدید مذمت

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیلی فوج نے اقوام متحدہ کی امدادی ایجنسی انروا کے مشرقی یروشلم میں قائم دفتر پر دھاوا بولتے ہوئے آنسو گیس کی شیلنگ اور دستی بموں کا استعمال کیا، جبکہ کارروائی کے دوران عملے کے ارکان کو بھی حراست میں لے لیا گیا۔ دوسری جانب مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی فوج نے چھاپوں، گرفتاریوں اور گھروں کی مسماری کی کارروائیاں مزید تیز کر دی ہیں۔ نابلس، جنین اور دیگر علاقوں میں 120 سے زائد فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا گیا۔

پارٹی کی اصل طاقت مخلص، باصلا